مشرک ہو جاؤ — مسلمانوں کو حکم ہے کہ ایک دوسرے کی مدد کرو۔ زکوٰۃ نظام امداد ہے — اتوا الزکوٰۃ
خود دے — سارا دین شرک ہے۔ مدد کرنا۔ مدد مانگنا — انما الصدقات للفقراء والمساکین والعاملین علیہا —
شرک مولوی کہتے ہیں مشرک ہے۔ لینا جائز ہیں دینا۔ دریا والا لسلطینیہ ڈوبنے والا مولوی —
بیٹوں اور بیواؤں کو مدد دے اگر شرک ہے تو بیٹے کو ذبح کر دو — بیواؤں کو سمندر میں گرا
اللہ فرماتا ہے۔ سورۃ محمد میں اے میرے بندو میری مدد کرو — ہم منکر اللہ ہیں۔ ہم سے مدد نہ مانگ —
کیا یا غوث اعظم مدد۔ یا رسول اللہ مدد۔ یا علی مدد مشرک ہے — اللہ کے لیے حضرت
مانگنا — ایک دوسرے کی مدد کرنا چاہیے — جو مسلمان ایک دوسرے کی مدد کرتا قیامت کے اندر اللہ اس
کی مدد کرے گا — یا بارش کے لیے کسی پاک کی — (٧) بارش کیلئے دعا کی — سرکار فرماتے
صحابی گھر میں دعا مانگ لیتے — حضرت حمزہ کی نماز جنازہ میں سرکار روئے۔ اللہ تو لشکر لے کر آیا اور آکے

مصیبتوں کو دور کرنے والے تھے۔ حضرت حمزہ نے ابوجہل کو ڈنڈا مارا = معنوی موتی اسلعفت

جب کلمہ پڑھے گا —— عمار بن حنیف نابینے کے لئے دعا —— (شرمندگی سے کیف) کیا یا محمد یا رسول اللہ

کہنا شرک ہو جائے گا۔ کیا جان نے شرک کروایا —— حضرت زینب نے کربلا کے میدان میں واپسی پر

یا محمداہ انتم البنا —— ابن کثیر البدایہ والنہایہ —— کیا شیعہ رافضہ —— جنگ یمامہ میں

خالد بن ولید نے یا رسول اللہ کا نعرہ لگانا ——

(B) کیا داتا کو داتا کہنا جائز ہے۔ (مضمون)

... والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین۔ وعلی آلہ الطیبین الطاہرین

واصحابہ الہادیین المہدیین۔ واولیاءہ الکاملین اما بعد کل نفس ذائقۃ الموت ثم الینا ترجعون ——

موت کو کہتے ہیں غافل اختتام زندگی —— ہے یہ شام زندگی صبح دوام زندگی

موت تجدید مزاج زندگی کا نام ہے۔ —— خواب کے پردے میں بیداری کا اک پیغام ہے۔

کون کہتا ہے کہ موت آئی تو مر جاؤں گا —— میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا

موت و حیات کیا ہے —— انسان دو چیزوں سے مرکب۔ روح۔ جسم۔ وصال کو انسان ——

زندگی —— موت —— خلق الموت والحیوۃ۔ زندگی مخلوق۔ موت بھی مخلوق —— روح کا جسم کے اندر

دوڑنا زندگی۔ سر سے پاؤں تک دوڑنا جاری ہے۔ یہ خون کی طرح جاری نہیں۔ خون کا جسم میں جاری ہونا

اور ہے۔ اور روح کا جاری ہونا اور —— خون تو رکتا + روح —— اتنا خون کا رہنا جسم سے نہیں جتنا روح

روح نا خنوں میں دماغ۔ دل۔ گردوں۔ گردانہ ہوتا ہے روح کا مرکز اگرچہ دل ہے جاری ہونا

پورے جسم کے اندر ہے۔ درخت کی مثال پانی اور رس جاری ہے پانی نظر نہیں آتا۔ تنے ٹہنیاں —— تنا درخت کا

رس ہے —— درخت ٹہنیوں کا نام نہیں درخت روح کا نام تنا جو پانی کا مسکن ہے —— انسان ہاتھ پاؤں تک

نام نہیں۔ انسان اور ہے۔ جو جسم کے اندر ہے یہ انسانیت کا لباس ہے۔ ہاتھ کا اٹھنا۔ آنکھ کا دیکھنا والی

اندر کوئی طاقت ہے —— آنکھ دیکھ رہی ہے —— دل دھڑک رہا ہے —— جسم کا کوئی عضو حرکت نہیں کر سکتا

اسی طاقت کا نام روح ہے —— روح نکلنے سے بستر پڑا ہے مغرب تک ساکن۔ دیکھا تو کہا کہ مر گئے ہیں

روح سمجھ میں نہیں آتا —— روح کی گفتگو نہیں —— دین کے عالم لوگوں نے دماغ میں اسے سمجھایا —— امام مالک —— جب

گھر سے باہر بیٹھا میں عرفان —— انسان زندہ روح کی وجہ سے ہے —— شکل قتال کی مثال —— جسم مثالی

سورج کی مثال گرمی پالیں —— عمر بن سبا —— جنت دوزخ —— جنت میں قبر میں کون

روح امرِ الٰہی ہے — روح نورانی کا نام — مٹی کا جسم کا نام — بنا کر امر ہوا — بنا کر زندہ کیا

ہوا — یسئلونک عن الروح — روح کی تفصیل علم ہے — روح کو فنا نہیں

روح سے لوٹ کر آنا — کتنی ہی شکلیں — مسلمان تناسخ کے قائل نہیں — تمام بنے ہوئے

ہر لمحہ میں پھول برساتے ہیں — عقیدہ — (بقول علامہ اقبال) — ابوالحسن خرقانی کا ارشاد

ہو تو ظاہر پلکا میں شاگرد حسن سے — روح مرتی نہیں مرگ بدن ہے —

بایزید بسطامی کا ہم سے رشتہ ابوالحسن فرماتے — قبر پر جانا — کافی دن گزر گئے — آخر بایزید بسطامی

قبر سے آواز آئی — میرے قریب آئے — بایزید نگاہ کے فکار — قبروں میں زندہ

روح اصل ہے — جسم نقل ہے — اللہ کے حکم سے رابطہ توڑنے کا نام موت

— انتقال اور وصال — خاکہ — ماں — چولہے میں آگ جلانا

کوئلے میں آگ — دانے کی مثال —

سورۃ حشر میں — صفات — وہ بندوں میں صفت ہو تو مشرک ہیں — کیا مولویوں نے

کاروبار نہیں بنا لیے — عالم الغیب — مولوی بھی عالم — داتا علی ہجویری — کوئی داتا کہنا شرک ہے — داتا اللہ کا

مسئلہ لفظ فہمی کا — انشاء جتنے دل چاہے — جہاں کچھ نہ ہو دیا حسنی ہی خوبی

میں عا دلی دلیا — علم والا اللہ ہے — کسی کو علم والا کہنا — حی زندہ ہونا — انسان بھی زندہ —

بیان کہاں ہر وہ ہونے ہیں نہیں — نفس مرے ہوئے بھی زندہ — تمام میں اللہ — خالق — دیکھئے

تمام انسان دیکھتے ہیں — بصیر — ان لیلۃ ... — یہیں کوئی باریک زاویہ — شکل میں بھی

آواز بھی سنتے ہیں — ان اللہ بالناس لرؤف رحیم — رؤف رحیم — یخرج الحی من المیت —

قل للہ الشفاعۃ — قل اللہم — نفی کرنے — اللہ ہدایت دیتا — مدد تو — انک لتہدی الی الصراط

جو بولیں گے — خدا خود توحید کا سپارا — اللہ رؤف بھی رحیم بھی — تو رؤف رحیم — میرا ابراہیم

ان اللہ ھو مولٰہ و جبریل — صالح المؤمنین — من کنت مولاہ فعلی مولاہ — عرش کیا ہوا —

جب بھی بات نے زبان اشارہ عمر اعتراض کرتے — اولیاء کو مشرک بول گئے — لیجئے بالکل

بہتر بات نہیں — اے بنا ہوئی آگ نے نازل فرمایا ذاکر تو آگ کو ابراہیم پر سے نکالے — ان ابوۃ سے جگا —

بانی سیاسی دنیا ذلیل کیے — جس نے کچھ نہیں عزت دی — وہ اللہ رسول وعلم نہیں — اسرار کی بڑی

گے تو پھر معلوم ہو گیا — شفاعت بھی کریں — انا شافع — فرمایا میرا رب بولا —

شفاعت میری ہے جس نے اپنے محبوب کو عطا کی ۔ شفاعت کرنے والا

جن کو میں نے دیا ہے ان کو مانا ہر دو جہاں ہے ۔ پیاس بجھانے والا اللہ

راوی کے کنارے یا زرد ۔ جب ہر پانی خالی ہو گیا ۔ ولہم الکتاب و حکمہ ۔ میں پیدا کرتا ہوں ۔

بن زکریا ۔ انعم اللہ علیہ ۔ الشفاء ۔ الرزاق ۔ پیدا کرنے والا اللہ

حضرت عیسیٰ ان اخلق لکم ۔ میں پیدا کرتا ہوں ۔ اللہ ہی خالق ۔ حضرت عیسیٰ کی خالق ۔ شفا دینے

والا اللہ ۔ ہسپتال وغیرہ ڈاکٹر ۔ شفا پیدا کرنی نہیں مانتا ۔ حج کو مانتا ۔ گولیاں اپنے اگر

نہیں دیتا تو بنی ولی کو نہیں مانتا ۔ موت کون دیتا ہے اللہ ۔ عزرائیل ۔ اگر آ گئی جان نکلے

اپنی صفات میں کسی کا محتاج نہیں ۔ ہمیں جو دیا ہے وہ میرا ہے ۔ (ولی میں ہوں ۔ ولی علی ہجویری

ولی میں خود ہوں ۔ وہ میرا ولی ہے ۔ لیکن توہم ہا ہے ۔ ہدایت پیدا کرنا

ابراہیم ہو سکا بت گمراہ کر گئے ۔ کہ ابراہیم کی لوگ بد رکھی ہوگی ۔ فرمایا اگر ابراہیم کے جیسی کو

(سبب ہے) لہذا کو پیدا کیا ۔ لوہے کو نفع دینے والا ہے ۔ اللہ ہی نفع دیتا ہے ۔ ارادہ بنایا

آگ کو حکم ۔ حقیقی دینے والا ۔ نسبت سبب کی طرف ۔ صحابہ آتے تھے رسول سے مانگنے

بیٹھے پاک فرماتے شرک کرتے ۔ بارہ کا جوڑ تھا ۔ بارش کی پر اسفا

ہم علی ہجویری کو لیا مانتے ہیں اور رب کو ہی مانتے ہیں ۔ بنی نے کنکر پھینکا ۔ (ما رمیت اذ رمیت)

جنگ بدر میں اور نے فتح کیے ۔ تقدیر کی طاقت اللہ دیتا ۔ بنی سے آنکھ مانگنا ۔ داتا کو

کہتا ہے مومن خدا نہیں سمجھتا ۔ ربیعہ کو فرمایا ۔ توحید اسی کا نام ہے ۔ ہر ولی پر حق

ہے ان کو دینے کی طاقت ان کی ذات ہے ۔ وہ محتاج نہیں ۔ (آمین)

جمعرات ۲-۱-۲۰۱۴ = ۱-۳-۱۴۳۵ = ۹:۵۹-۴۴ PM

(معراج النبی)

حضور کا ذکر برکتوں کا حاصل ہے ۔ ایک ایک لمحہ سورج سے زیادہ روشن ہے ۔ ذکر مصطفیٰ اگتا ہوا کا جشن

حضور کا معراج حضور کی شان ہے ۔ حضور کا ذکر جبرائیل براق نے بھاگنے لگا ۔ ہتھیں سراج

حضور کے انتظار میں تمام انبیاء ۔ کلیم عیسیٰ کا خطاب ۔ موسیٰ ۔ ابراہیم ۔ آخر میں نبی کریم

سب سے بڑے چیف جسٹس ۔ ابراہیم کا خطاب ۔

تمام نبیوں کے باشرکر بڑے ہیں عظمتوں کے نگینے جڑے ہیں ۔ ہر مقتدی بن کے پیچھے کھڑے ہیں ۔ وہ جو بیٹھے سے آسا ہو گئے

مسلمان اور نماز۔ تمام نبیوں کو ــــ تمام تمام نبیوں کا امام ــــ امام احمد رضا فرماتے ہیں

نماز اقصیٰ میں تھا یہی سر ــــ کہ عیاں ہو معنیٰ اول و آخر ــــ مقتدی ہیں کے پیچھے ہیں حاضر

جو سلطنت آگے کر گئے تھے

سدرہ سے بڑھ کر قدم۔ اس نے کہا میں اگر ایک بال برابر بڑھا ہوں تو دامن پکڑ کے چھوڑ دوں گا ــــ اور پیار ہو جاتا۔

پیچھے ہٹ کر خدا ہے۔ ابوجہل کی مٹھی میں پتھر۔ کنکر بلال کی طرح چیک پڑے۔ ــــ نبی پہلے آسمانی ہے

جبرائیل سے پوچھا۔ نیک بندے کی روح کے وقت آسمانوں کو نکالا ــــ فرشتوں نے اللہ سے اجازت

جبرائیل نے زبان سے محبوب کا نام ــــ ــــ حضرت کا سامنے لیا

جہاں قدرت بھی میری نظروں سے گزرا ہے ــــ وہاں بھی ہر نام نظر کے شکار رہتے ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام۔ امام غزالی سے ہدایت ــــ میرے محبوب کا علم مبارک نام پہلے جانتے

لوح محفوظ پیش نظر است ــــ جس کی امت کا یہ مقام ہے

وہ میرے ہیں سے ہیں کا نام اللہ اللہ ــــ کیا ان میں کیا ہیں تمام اللہ رب ــــ امام غزالی نے لکھا وکرم

نبی کا استقبال اللہ نے انوار و تجلیات سے کیا ــــ سدرۃ پہاڑ سے مضبوط ہے

علامہ اقبال بادشاہی مسجد کے مقبرہ میں سوئے دار اقبال ــــ

(امام اعظم)

اللہ تعالیٰ نے محبوب کا استقبال نورانیت کے جلوے بکھیر کے کیا۔ جیسے کوئی محبوب آتا ہے۔ تو پھر گلاب کے پھول اکٹھے کیے جاتے ہیں۔ اس کو خوش آمدید کرنے کے لیے پھول نچھاور کیے جاتے ہیں۔ تو گلاب کا وہاں معاملہ نہیں تھا۔ تو رب نے فرمایا۔ میرے نور جب آ رہے ہو۔ تو ہم آپ کا رخ انوار تجلیات سے استقبال کریں گے۔

انوار و تجلیات کے پھول بکھیرے گئے۔ امام قرطبی نے قرآن حکیم کی تفسیر میں لکھا۔ وہ کہتے ہیں سوال یہ ہے۔ کہ موسیٰ پر ایک جلوہ پڑا وہ بے ہوش ہو کر گر گئے۔ اور حضور علیہ السلام اس طرح سدرہ سے گزر رہے تھے۔ اللہ کے انوار و تجلیات برس رہے تھے۔ نہ سدرۃ کے ٹکڑے اڑے۔ طور پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ سدرہ ٹکڑے ٹکڑے نہیں ہوا۔ پتہ چلا۔ کہ سدرۃ پہاڑ سے مضبوط ہے۔ اللہ کے جلوے پڑے تو کچھ نہ ہوا۔ اور حضور تو مسکراتے ہوئے [illegible] جلووں کو چکھتے ہوئے گزر گئے۔ سدرۃ المنتہیٰ سدرۃ کا معنی ہے بیری ــــ کیونکہ اللہ بہتر جانتا ہے۔ بتایا نہیں کیا ہے۔ یہ وہ جگہ جہاں انتہا ہو جاتی ہے ــــ تمام ملکوتی دنیا کا سردار جناب جبرائیل۔ اس کا آخری مقام۔ آخری سرحد جب جبرائیل وہاں پہنچا۔ تو اس نے چھکے سے دامن چھڑانا چاہا ــــ تو شیخ سعدی کا شیرازی کا منظر جو

کیا۔ تو بیت اللہ کے امام نے کہا۔ وحی کا بوجھ اٹھانے والے تھوڑا سے آگے چل۔ —

اگر یک سر موئے برتر پرم ۔ فروغ تجلی بسوزد پرم ——

حضرت جبرائیل امین اولاً میں۔ نور اتنا طاقت ور ہے کہ جبرائیل کا نور اللہ کے نور کے ساتھ۔ لیکن ہمارا پیر مہربان ہے۔ جہاں جبرائیل کے پر جلنے لگے وہاں میرا نبی مسکراتا ہوا گیا۔ وہاں میرے نبی محو خرام جا رہا ہے۔ جہاں میں لوگوں کو ایک لطیفہ سنایا کرتا ہوں۔ سرائیکی زبان کا ایک شاعر ہے۔ وہ بہت بڑا شاعر ہے۔ یعنی حضرت جبرائیل علیہ السلام جھگی ہنس کشتی کہتے لگا۔ جبرائیل نے حضور کو زیارت قدس کرائی۔ لے آیا رستے وچہ اس نے قوس اتحاد دالیاں والا کم دکھایا ——— اس جگہ آکے ستی آپ اکی جا تھے ——— بڑا اچھا ہاتھ اٹھایا۔ بنایا سنوارا سنگھارا۔ براق تے چڑھایا۔ ہر جگہ پر سوال جواب کا سلسلہ فرمایا۔ جب اپنے گھر آیا۔ تو کہنے لگا کہ میں اپنے گھر چلیاں آں۔ ستی آگے آپ جاؤ ——— یہ کوئی وفا ہے۔ بے وفائی اسی کو کہتے ہیں۔ یہ وفاداری نہیں ہے۔ کہنے لگا جبرائیل جنگی ہنس کہتی تے اوہ کیا کرے ہا ——— جبرائیل ابوبکر کولوں سبق پڑھ وچھاں تے ایویں نہ کرے ہا ——— جے ابوبکر خود ہوندا ہا۔ ہر وہندا نال چڑھ ویندا ——— اگر ایہ نہ ہوندا تو ابوبکر کوں حضور نے ہکو الہندا آتاہ ملا تو رُک رہ جاندا ——— ایہ دو لفظیں تم نہ آئے۔ جبرائیل امین کو ——

— جبرائیل کر ہندا ایویں بے سبق صدیق توں پڑھ ویندا
ہن سکا ساتھی ساتھ چھوڑ ہندا ناں تعوذ یکا گل کر ہو ویندا
ہمارا وی سدرہ تے ہیاؤں عرش ہوندا ہے چڑھ ویندا۔
قسم خدا دی جے صدیق ہوندا نہ رُکدا ناہ چڑھ ویندا ہمارا وی ویندا۔

جبرائیل امین یہاں رک گئے۔ تو پتہ چلا ہمارا نبی نور سے بھی اوپر ہے ——— اسی لئے نور کے پر جہاں جل رہے ہیں۔ ہمارا نبی آگے جا رہا ہے۔ اور جب عرش کے قریب پہنچے۔ حضور نبی کا قدم مبارک ہے۔ پانچ سو سال کی راہ ہے۔ جب عرش کے اوپر آپ نے قدم رکھا۔ تو عرش نے بھی دعائیں دیں ——— کہ نثار جاؤں۔ کہ میری قسمت کے دن پھرے تھے۔ کہ آج میرے مقدر جاگے کہ دو جہاں کے مہمان میرے اوپر آئے۔ عرش نے نبی پاک کا دامن پکڑ لیا۔ حضور نے پوچھا عرش کے اوپر۔ کہنے لگا پیارے ذرا تھوڑی دیر ٹھہر جائیے۔ لیکن رکنے والا نہ رکتا تھا اُسے۔ لیکن اللہ کا آرڈر آیا۔ فرمایا دامن چھوڑ دے۔ میرے محبوب کو آنے دے۔ لیکن ایک مسئلہ تو کلیئر ہو گیا ——— لوگ کہا کرتے تھے۔ عبدہ اللہ عرش پر بیٹھا ہے ——— آج شبہ کا عرش کو رات عرش پر کو لاہے۔ ——— علامہ اقبال بادشاہ

خدا کو عرش پر بیٹھا رکھا ہے۔ تو نے اسا دامن
وہ خدا ہی کیا جو بندوں سے احتراز کرے۔

ہمارا خدا نہ ہاسے جو ہر جگہ ہے۔ اچھا تو لو ۔۔۔ ادھر دیکھا اُدھر دیکھا تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا ۔۔

یہ ہے اہل سنت کا کھرا عقیدہ ۔ بابا بلھے شاہ مقصود ہی کمال کر گیا ہے ۔۔

بلھے میں ڈھونڈا باہر وکھیاں تے ہیر اندر کون سمانا ۔

بلھے میں ڈھونڈا اندر وکھیاں تے ہیر معشوق جانا ۔

باہر توں وی اندر توں ای سب وچ توں ای میں سب بعض پاک وکھانا ۔

میں وکھا تو ای ہیں تے توں وکھا توں ای ہیں بھلا کون نما نا ۔۔

کل من علیہا فان ۔۔ ذاکر ہیں ۔۔

لیکن عرش کی بات سمجھانا معراج کی رات میں کہ آؤ دیکھو ۔ آج عرش کو چھاتی ہیں کس کا قدم آیا ۔ امام احمد رضا ۔

وہی لامکاں کے مکیں ہوئے سرِ عرش تخت نشیں ہوئے ۔ وہ نبی ہیں جن کے ہیں یہ مکاں وہ خدا ہے جس کا مکاں نہیں ۔

ہم نے کہا بابا سعدی ایران والے بابے تو بھی بول ۔۔ اس نے کہا میاں میں یہ کہتا ہوں ۔۔

عرش کرسی پایہ زیر ایوان محمد ۔۔ جبرائیل امین خادم و دربان محمد ۔

ہے ناں جو ثواب کا پوچھا عرش سے بلند ہے ۔۔ یہ ہے ایوان دار کا حال ۔۔ بابا بیٹھ بڑا اونچا ہے ۔

اتنا بڑا اونچا سمجھانے کے لئے عرض کر جاؤں ۔۔ حضرت خواجہ نظام الدین دہلوی ۔ جن کو کہتے ہیں چشتیوں کا مجدد ۔

آپ بیٹھے تھے ۔ سیدنا امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ ۔ انہوں نے کہا ۔ حضور دعا کرو ۔ بابے سعدی نے حضور کی بارگاہ میں

نعت بھی کیسی عرض کی ہے ۔ بلغ العلیٰ بکمالہٖ ۔۔ حضور مرشد دعا کرو ۔ کوئی ایسی میں بھی کہوں ۔ آپ نے

فرمایا ہنس پڑے ۔ کہنے لگے ۔ خسرو نصیب کی بات ہے ۔ جس کا نصیب تھا اسے مل گیا ۔ انہوں نے کہا حضور پھر

نہیں ۔۔ حضرت خواجہ نظام نے اپنی چادر اٹھائی ۔ اٹھا کے سر پہ ڈالی ۔۔ جب خسرو کے سر پر نظام کی چادر

آئی ۔ حضور علیہ السلام کی کچہری میں پہنچ گئے ۔ حضور کے گنبد خضرا میں لگنے والی مجلس میں پہنچ گئے ۔ اور وہاں

دیکھا ۔ کہ حضور بیٹھے ہیں ۔ صحابہ ساتھ ہیں ۔ اور شیخ سعدی شیرازی ۔۔ حضور کے ارد گرد کا بن ہوا ہے

جھوم رہے ہیں ۔۔ اور پڑھتا ہی ہے بلغ العلیٰ ۔۔ اور سب وہ دائرے میں پڑھ رہے ہیں ۔۔

حضور مسکرا رہے ہیں ۔ صحابہ پڑھ رہے ہیں ۔ تو حضرت نظام نے چادر اٹھائی ۔ تو دیکھا خسرو کیفیت میں ہے

ہاتھ جوڑ کے کہنے لگا دلی میں رہا بھی تو لکھ لوں گا ۔ لیکن منزل یہ کہاں ملے گی ۔ یہ تو جس کو ملنی تھی اسے مل گئی

تو مزے ہیں وہ شیخ سعدی کا نشہ ؟ عرش پایہ ۔۔ حضرت علامہ اقبال یہ فرماتے ہیں ۔۔

اے لوگو تم کہتے ہو عرش آدمیا وسعت اونچا ۔۔ میں کہتا ہوں شہر کہ آں جا دلبر است ۔۔

؎ خاکِ طیبہ از دو عالم خوشتر است ۔ حضرت اقبال نے کہا۔ کہ دونوں جہان ایک طرف اور وہ خاک کی چٹکی جو شہرِ مدینہ سے مس کر گئی وہ ایک طرف ۔ (شیخ سعدی کا زمانہ سے پہلے) یہ عرش تو میرے نبی کے لیے ہے۔ باقی رہی کرسی تو مسئلہ حل ہو جائے گا کہ کرسی کس کے لیے ہے۔ وہ قیامت کے دن کا انتظار کر رہی ہے۔ حدیث پاک میں آتا ہے کہ قیامت کے دن اِنَّ یُجلِسُہ اللّٰہ تعالیٰ الکرسی۔ معنیٰ۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کو کرسی پر بٹھا دے گا۔ تو نبی جب کرسی پر بیٹھیں گے عرش پر۔ تو وہ بیٹھا ان سے کہا ہے۔ یا باللہ کی دیکھنا ہے ـــــ ؎ ـــــ

سیدنا امام اعظم

مَن یُؤتَ الحِکمَۃَ فَقَد اُوتِیَ خَیراً کَثیراً ۔ قال النبی ﷺ مَن یُرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیراً یُفَقِّہْہُ فِی الدِّین ۔

؎ بندۂ پروردگارم امتِ احمد نبی ۔ دوستدارِ چار یارم تابعِ اولادِ علی ۔ غالب
مذہبِ حنفیہ دارم ملتِ حضرت خلیل ۔ خاکِ پائے غوثِ اعظم زیرِ سایہ ہر ولی ۔ ۱۴۲۰ھ
بوحنیفہ بُد امام باصفا ۔ آں سراجِ امتانِ مصطفیٰ ۔ رمضان (۲)
بعد فضلِ حق قرینِ جانِ او ۔ شاد باد ارواحِ شاگردانِ او ۔
شاہ بو یوسف قاضی شُدا ۔ واز محمد ز لمینن راضی شُدا ۔

حضور علیہ السلام جو ساری امت اس وقت موجود ہے۔ ساری امت کا تقریباً 70 فیصد حصہ امام اعظم ابو حنیفہ کی تقلید کرتا ہے۔ آپ کو امام مانتا ہے۔ اور آپ کو یہ بھی علم ہونا چاہیے کہ یہ چین کے مسلمانوں سے لیکر بخارا۔ اور وسط ہند سے لیکر ترکی تک کے مسلمانوں کی اکثریت کے آپ امام ہیں۔ مسلمانوں کے بھی آپ امام ہیں۔ علماء کے بھی آپ امام ہیں۔ اولیاء کے بھی آپ امام ہیں۔ اور آپ کو یہ بھی علم ہونا چاہیے۔ کہ حضور علیہ السلام کے امت کی سلطنتیں جتنی گزری ہیں۔ ان میں زیادہ سلاطین مثلاً عباسی جو بغداد کی حکومت تھی۔ سلجوقی علامہ اقبال کو بھی آپ پڑھیں تو ان کا تذکرہ بڑے کثرت سے آتا ہے۔ سلجوقی حکمران ترکی حکمران۔ عثمان۔ مغلیہ۔ یہ جتنی حکومتیں گزری ہیں۔ ان کا سرکاری قانون امام اعظم ابو حنیفہ کی فقہ کے مطابق رہا ہے۔ جس برصغیر میں آپ اور ہم رہتے ہیں۔ یہاں بھی مغلوں کی سلطنت رہی ہے یا اس سے پہلے یا اس کے بعد کی سلطنتیں تھی اس کے اندر جو قانون نافذ رہا۔ وہ فقہ حنفی حضرت امام اعظم کی فقہ کا قانون یہاں نافذ رہا۔ اسی لیے۔ امت کی اکثریت یعنی محمود غزنوی سے لیکر بادشاہ تغلق یہاں محمود غزنوی۔ وہ کس درجے کے اولیاء حضرت سیدنا داتا علی ہجویری آپ حضرت امام اعظم کے ادنیٰ مقلدین میں سے تھے۔

اس لئے ہم نے مناسب سمجھی جو امام کا بڑا امام ہے۔ جتنے بھی مسلمان اس زمین پر بستے ہیں۔ ظاہر ہے کسی نہ کسی امام کی تقلید کرتے ہیں۔ مثلاً مصر میں امام شافعی کے ماننے والوں کی تعداد زیادہ ہے۔ اندلس سپین تو ختم ہو گیا لیکن اس علاقے میں حضرت امام مالک کے ماننے والوں کی اکثریت ہے۔ سعودی عرب ہے۔ وہاں حضرت امام احمد بن حنبل کے ماننے والوں کی اکثریت ہے۔ یہ جتنے امام گزرے ہیں۔ امام مالک۔ امام شافعی۔ امام احمد بن حنبل۔ یا تو خود ڈائرکٹ حضرت امام اعظم کے شاگرد ہیں یا شاگردوں کے بھی شاگرد ہیں۔ اور روئے زمین پر جتنے اولیاء ہیں۔ اولیاء کی اکثریت یا امام اعظم کی شاگرد ہے یا شاگردوں کی شاگرد ہے۔ آپ اس سے اندازہ لگائیں۔ کہ حضرت ابراہیم بن ادھم جیسے ولی۔ حضرت امام اعظم کے سامنے گھٹنے ٹیک کے پڑھا کرتا تھا شاگرد ہے آپ کا۔ حضرت بشر حافی۔ یہ بھی امام اعظم کے شاگرد ہیں۔ حضرت فضیل ابن عیاض آپ بھی حضرت امام اعظم کے شاگرد ہیں۔ حضرت عبداللہ بن مبارک جو اپنے وقت کا کامل ولی کامل عالم کامل محدث۔ امام بخاری جیسے لوگ علم کے ہیں جن کے بھکاری اور منگتے ہیں وہ مانگنے والے ہیں حضرت امام اعظم کے۔ امام بخاری امام مسلم۔ جن کی حدیث کی بڑی بڑی کتابیں ہیں۔ یہ شاگرد ہیں امام شافعی کے امام شافعی شاگرد ہیں۔ امام محمد کے۔ امام محمد شاگرد ہیں۔ امام اعظم ابوحنیفہ کے جتنے محدث جتنے امام۔ جتنے ولی ہیں۔ سب نے سب کسی نہ کسی طریقے سے غلامی کا پٹہ ہے حضرت امام اعظم اتنی بڑی شخصیت۔ تو یہ کم نصیبی ہماری ہے کہ ہم ان کو جانتے نہیں ہیں۔ کثرت کے ساتھ اپنے امام کے بارے میں سنیں۔ ہم جس امام کو مانتے ہیں۔ وہ امام کیسا تھا۔

وہ اس لئے مزید ہو جاتا ہے کہ خارجی حضرت علی کو کافر کہتے تھے۔ وہ اپنا نام بدل کے اپنا نام اہلحدیث رکھ کر یہ حضرت امام اعظم پہ کیچڑ اچھالتے ہیں۔ اس لئے ہر مسلمان پر لازم ہے۔ بیٹے کو پتہ ہونا چاہئے کہ میرا باپ کیسا ہے اس کا مرتبہ کیا ہے۔ اس کی شخصیت کیا ہے۔ برادران اسلام سب سے پہلے تو یہ ذہن میں رکھیں۔ کہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ کی پہچان۔ اُن کا فقیہ ہونا ہے۔ یعنی روئے زمین پر۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کے پیارے نبی کی پیاری امت میں۔ حضرت امام اعظم جیسا فقیہ پیدا نہیں ہوا۔ فقیہ کیا ہوتا ہے۔ فقیہ وہ ہوتا ہے۔ قرآن حدیث اجماع قیاس۔ یہ چار مصادر مواخذ ہیں۔ جن سے قانون بنتا ہے۔ قرآن حدیث اجماع۔ قیاس سے اسلام کا قانون وجود میں آتا ہے۔ اور امام ابوحنیفہ وہ شخصیت ہیں۔ کہ قرآن و حدیث قیاس میں ان کی مثل آج تک گہرائی میں اترنے والا عالم پیدا نہیں ہوا۔ قرآن مجید کو جیسا انہوں نے سمجھا۔ حدیث کی تہہ تک جیسے وہ پہنچے۔ جس انداز سے انہوں نے موتی نکالے آج تک ایسا غواص عالم اور ولی پیدا نہیں ہوا۔ اور یہ آپ کو پتہ ہونا چاہئے۔ علم فقہ جس کو حاصل کرنے کے بعد فقیہ کہلاتا ہے۔ وہ علم فقہ قرآن حدیث

کا نچوڑ ہے۔ اوس کو فقہ کہتے ہیں۔ جو قرآن اور پیارے نبی کی حدیث سے کشید کیا جاتا ہے۔ گوہر نکالے جاتے ہیں۔
موتی نکالے جاتے ہیں۔ قوم کے سامنے پیش کر دیئے جاتے ہیں۔ اس کو علم فقہ کہتے ہیں۔ اسی لیئے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا۔
فلولا نفر من کل فرقۃ منھم طائفۃ ۔ کہ تم میں سے ایک گروہ لازمی ایسا ہونا چاہیئے۔ جو نکلے دین کی فقہ حاصل
کرنے اور جہالت کے اندر پھیل جائے ۔ پ سورۃ توبہ ۔ اور دوسرے مقام پر فرمایا۔ من یوت الحکمۃ ___
جسے حکمت عطا کی گئی فقد اوتی خیرا کثیرا ۔ اسے خیر کثیر عطا کی گئی۔ حکمت کیا ہے فقہ دین کی سمجھ۔ اسی لیئے
حضور علیہ السلام کی ڈیوٹی فرض یہ تھا۔ یعلمہم الکتاب والحکمۃ۔ کہ نبی آئے اور جاہل انسانوں کو کتاب سکھائے اور
حکمت سکھائے۔ یعنی کتاب کا علم فقہ سکھائے۔ اسی لیئے حضور نے فرمایا ___ مَنْ یُرِدِ اللّٰہُ خَیْرًا یُفَقِّہْہُ فِی الدِّیْن
اللہ جس بندے کے ساتھ بھلائی کرتا ہے۔ جس سے راضی ہوتا ہے۔ جس سے خوش ہوتا ہے۔ اسے دین کی فقہ عطا کر دیتا
ہے۔ یہ نبی پاک کا فرمان ہے۔ اسے آپ اندازہ کریں کہ فقیہ کا مقام کیا ہے ___ یعنی اللہ جس سے کمال بھلائی کرتا
جس سے اللہ کمال راضی ہو۔ اس کو فقیہ بناتا ہے۔ محدث بنیں گے مفسر بنیں گے۔ لیکن فقیہ نصیبوں والا بنے گا۔
منطقی ہوں گے۔ منطق میں اپنی درتی ہے۔ فلسفی ہوں گے۔ علم فلسفے میں وہ آگے نکلے کوئی محدث ہے وہ حدیثیں
جمع کرتا رہا۔ کوئی مفسر ہے قرآن کی تفسیر کی ہے۔ لیکن جو تمام علوم کا جامع ہوتا ہے۔ وہ فقیہ ہوتا ہے۔ جسے تمام
علوم پر کنٹرول دسترس حاصل ہو اس کو فقیہ کہتے ہیں۔ علم لغت کا بھی امام ہو۔ عرف عام کا بھی امام ہو۔ لوگوں
کے حالات سے بھی گہرائی تک واقف ہو ___ لوگوں کی زبانوں سے بھی گہرائی تک واقف ہو۔ قرآن مجید کے سمندر
میں غوطہ لگائے تو تہہ تک پہنچنے والا ہو۔ حضور کی احادیث مبارکہ کا کمال عالم ہو۔ تب جا کے وہ فقیہ بنتا ہے ___
اس لیئے حضور نے فرمایا۔ اللہ جس سے بھلائی اچھائی نیکی کرتا ہے۔ اس کو دین کی فقہ عطا کر دیتا ہے۔ آپ نے
نے کچھ جاہلوں سے سنا ہو گا ___ اکھاتے ہیں حضور کی امت کو لڑاتے ہیں۔ عملی بدنظمیں حضور کی امت ٹھیک
چل رہی تھی۔ خارجی آئے شور مچا دیا۔ یہ وہ لوگ تھے جو حضرت علی کو کافر اور مشرک کہتا تھا۔ حضور کے صحابہ
کا دشمن تھا۔ انہوں نے نام بدلے۔ حضرت امام اعظم کے بارے میں وہ بکواس کرتے ہیں۔ اس لیئے ہم اولاد ہیں روحانی اس
امام کی ___ حضرت اعظم صرف امام ہی نہیں حضور کا تابعی ہے۔ صحابہ کرام کا شاگرد ہے۔ مقام دیکھو صحابہ۔
حضرت انس کی صورت دیکھنے والا۔ حضرت عبداللہ ابن اوفیٰ سے حضور کی باتیں سننے والا۔ امام بخاری کو مانا ہے۔
کہ تین واسطوں سے میں نے نبی کی حدیث سنی ہے۔ امام اعظم وہ ہیں صرف ایک واسطے سے نبی کی حدیث سنی ہے
اس لیئے امام اعظم فقیہ۔ حضور فرماتے ہیں۔ فَقِیْہٌ وَاحِدٌ اَشَدُّ عَلَی الشَّیْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ۔ ایک فقیہ
ایک طرف اور ہزار عبادت گزار راتوں کو جاگنے والا ایک طرف۔ ___ ایک فقیہ سے شیطان ڈرتا

گزرتا ہے۔ ہزار عابدوں سے اتنا نہیں ڈرتا۔ یعنی ہزار کی قطار تہجد پڑھ رہی ہے۔ نوافل پڑھ رہی ہے۔ اللہ ھو اللہ ھو کی ضربیں لگا رہی ہے۔ شیطان کو ان سے اتنا خطرہ نہیں ہوتا۔ جتنا حضور کی امت کے ایک فقیہ سے ہوتا ہے۔ حضور نے فرمایا لکل شئ عماد ہر چیز کا ستون ہوتا ہے۔ اور دین اسلام کا ستون فقہ ہے۔ حضور علیہ السلام نے حضرت عبداللہ ابن عباس کو دعا دی۔ اللھم فقھہ فی الدین ○ اے اللہ اس پیارے نے میری خدمت کی ہے۔ تو اسے دین کی فقہ عطا کر دینا۔ اس لئے فقہ کا علم قرآن اور حدیث اس کے بعد اسلام کا دارومدار جس علم پر ہے وہ علم فقہ ہے۔ مقصود علم کتنے ہیں۔ جو اصل مقصود ہیں مطلوب ہیں وہ تین ہیں۔ ایک علم قرآن دوسرا علم حدیث۔ تیسرا علم فقہ۔ باقی علم جتنے ہیں وہ ان کے نوکر ہیں۔ اس لئے سیدنا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ فرماتے ہیں۔ بعد از قرآن و حدیث مدار اسلام بر فقہ است۔ قرآن اور حدیث کے بعد اسلام کا دارومدار فقہ پر ہے۔ اس لئے فقیہ۔ اور فقیہ بھی امام اعظم جیسا۔ اب آپ کو بتاؤں۔ محدث اور فقیہ میں فرق کیا ہوتا۔ امام بخاری محدث ہے۔ ایک درجے کا فقیہ بھی۔ امام مسلم دیگر امام جتنے محدث ہیں اسی طرح محدث اور فقیہ میں فرق کیا ہے۔ حضرت امام سلیمان بن مہران آپ فرماتے ہیں۔ یا معشر الفقہاء انتم علی الاطباء۔ اے فقہاء کی جماعت تم طبیبوں کی طرح ہو۔ ونحن الصیادلہ۔ ہم پنساریوں کی طرح ہیں۔ بخاری بخاری مسلم مسلم شور کرتے ہیں — بخاری اور مسلم کی حیثیت۔ امام اعظم کے سامنے پنساریوں کی طرح ہے۔ اور امام اعظم کی حیثیت ان کے مقابلے میں۔ طبیب کی طرح ہے۔ حکیم کی طرح ہے۔ کبھی آپ نے غور نہیں کیا۔ پنساری کا کام کیا ہوتا ہے۔ دوائی اکٹھا کرکے دکان کو بھرنا — یہ کام پنساری کا۔ اگر آپ جائیں جی یہ ساری دوائیاں ہیں آپ کی دکان میں۔ ذرا میری نبض دیکھیں۔ وہ کہے گا نبض والا کام میرا نہیں ہے — نبض دیکھنا مرض بتانا کونسی دوائی ہے — تو محدثین کا کام ہے لاکھوں حدیثیں اکٹھی کریں۔ اور آگے طبیب حکیم کیا کام ہے۔ کہ اس میں سے مسائل نکال نکال کے یہ نماز کا مسئلہ۔ یہ روزہ کا مسئلہ — حج۔ زکوٰۃ۔ تجارت — لین دین — طلاق۔ نکاح یہ سارے مسئلے حکیم حل کرے گا۔ اور حکیموں کا امام ہے امام اعظم۔ بخاری بخاری کا شور کرتے ہیں۔ بخاری کی حیثیت ہی امام کے سامنے۔ — ایک اور بھی اعتراض ہے کہتے ہیں جی امام اعظم ابو حنیفہ نے بہت ساری حدیثیں اکٹھی نہیں کیں — میں نے کہا کبھی کسی حکیم کی دکان پر جا کر دیکھو۔ دوائی پڑی ہوں گی کچھ کا سے ہوگی — اور پنساری کی دکان بھری ہوگی۔ لیکن مقدم کون ہے۔ آگے کون ہے پہلے جو دکھلانا ہے۔ نبض اس نے دیکھنی ہے۔ عقلمند کوئی ایسا ہو سکتا ہے۔ جو یہ کہے کہ حکیم صاحب کو تو دوائیوں کا پتہ نہیں۔ حکیم کو تو پتہ ہے کہ دوائی کون سی۔ کس استعمال میں آتی ہے۔ محدث اکٹھی بے شمار ایک لاکھ دو لاکھ تین لاکھ — سات لاکھ حدیثیں جمع کرتا ہے۔ بے شک بڑا کام ہے۔ لیکن استعمال تو حکیم نے کرنا ہے۔ اس کا خاصہ حکیم نے بتانا ہے

اور اگر پنساری کا شروع کر دے۔ تو پھر روزانہ جو چار جنازے ہیں نکلیں گے۔ قبرستان بھر جائیں گے۔ اس لئے ہم امام بخاری کو
امام مانتے ہیں۔ حدیث کا امام لیکن علم و عقل دانش کا امام امام ابو حنیفہ ہے۔ اس لئے آپ نے یہ بھی فرق سمجھ لیا۔ اور اب
آپ کو عرض کرتا ہوں۔ امام اعظم ابو حنیفہ تابعی ہے۔ تابعی وہ ہوتا ہے۔ جو صحابہ کرام کے دور میں پیدا ہوا ہو۔ صحابہ سے
ملاقات ہوئی۔ صحابہ کو دیکھا ہو۔ وہ تابعی کہلاتا ہے۔ ایمان کی نظر سے اتقان کی نظر سے حضرت امام اعظم وہ ہیں
جن کو دعائیں عبدالاعلیٰ سے ملی ہیں۔ صحابہ کرام کی صورتوں کو دیکھا ہے۔ صحابہ سے احادیث روایت کی ہیں۔ اس لئے تابعی ہیں
کمال درجہ جن کو حضور نے فرمایا۔ خیر القرون قرنی ثم الذین یلونھم۔ سب سے بہترین زمانہ محمد ﷺ کا زمانہ ہے۔ اس کے بعد ملا
جو میرے زمانے سے ملا ہوا ہے۔ میرے صحابہ کا زمانہ۔ پھر بہترین وہ دور ہے جو میرے صحابہ سے ملا ہوا دور ہے۔ اس کے بعد
فتنے ہی فتنے ہیں۔ تو امام اعظم کا دور خیر القرون میں آتا ہے۔ آپ کو اللہ پاک نے دور بھی بخشا تو کمال بخشا۔ لوگ
بھی بخشے تو کمال۔ امام اعظم ۸۰ ہجری میں پیدا ہوئے۔ اب سے کتنے سو سال پہلے اب کونسا سال ہے۔ ۱۴۲۰
اور صحابہ سے متصل دور ہے۔ ۱۳۴۰ سال پہلے۔ لیکن آپ کو علم کا کمال بھی حاصل۔ پھر صرف علم نہیں تقویٰ کا۔
طہارت پاکیزگی۔ ہر لحاظ سے امام اعظم ہیں۔ نہ آپ سے علم میں کوئی آگے بڑھ سکتا آپ کے بعد۔ نہ آپ کے تقویٰ
سے کوئی آگے بڑھ سکا۔ نہ آپ کے تقدس سے کوئی بڑھ سکا۔ نہ دین کی سمجھ میں کوئی آگے بڑھ سکا ہے۔ اور کمال یہ ہے
کہ عقل میں بھی آپ سے کوئی آگے نہ بڑھ سکا۔ علم بھی دیا تو بے حساب دیا۔ عقل بھی دیا تو بے حساب دیا۔ تقدس طہارت
دیا تو بے حساب دیا۔ اور آپ کو ماننے والے بھی دیئے تو بے حساب دیئے۔ ولی آپ کے ماننے والے۔ علماء آپ کے
ماننے والے مسلمان آپ کے ماننے۔ اکثریت مسلمانوں کی۔ اکثریت ملکوں کو فتح کرنے والوں کی۔ دین کا جھنڈا اٹھانے والوں کی
امام اعظم کو ماننے والوں کی ہے۔ اور آپ نے علم حاصل کیا۔ ایک سے دو سے چار سے نہیں۔ چار ہزار استادوں سے جس
کے استاد چار ہزار۔ اس کا علم کیوں نہیں ہوگا بے شمار۔ پھر سارے امام محدثین تو سائیڈ پہ ہو گئے۔ سارے امام یہ چاہتے رہے
کہ وہ مسائل حل کریں جو سامنے پیش آئیں۔ امام اعظم نے فرمایا۔ جو قیامت تک پیش آئیں گے وہ بھی حل کرو۔ اسی لئے جتنی سلطنتیں
قائم ہوئی تھیں۔ ان میں باقی فقہیں کام نہیں آتی تھیں۔ امام اعظم کا قانون چلتا تھا۔ اسی لئے امام محمد پارسا نقشبندی رحمہ اللہ
حضور کی امت کا اولیاء نقشبند میں کامل ولی گزرا۔ آپ فرماتے ہیں۔ کہ امام اعظم کی فقہ کا کمال یہ ہے۔ کہ حضرت عیسیٰ جب
واپس دوبارہ آئیں گے۔ تو ان کا عمل امام اعظم کی فقہ کے مطابق ہوگا۔ حضرت مجدد الف ثانی۔ آپ نے اس کی تشریح
کی۔ آپ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ نہیں۔ وہ نبی ہو کر ایک عالم کی تابعداری کرے گا۔ فرمایا نہیں۔ وہ اپنی سوچ سے فکر
کے مطابق۔ قرآن اور حدیث پہ عمل کریں گے۔ لیکن جو بھی وہ عمل کریں گے وہ امام اعظم کی فقہ کے مطابق نکلے گا۔ یہ کمال ابو حنیفہ
کو حاصل ہے۔ کہ قیامت تک جو سلسلہ چلے گا۔ وہ امام اعظم ابو حنیفہ کا چلے گا۔ کوئی ایک صدی پہلے کوئی دوسری چلا۔

کوئی شخص صدیاں چلا رہے کسی کو کسی سلطان نے چلا یا۔ کسی کو کسی سلطان نے۔ لیکن یہ سلسلہ بے سند رہے گا۔ یہ کون ایک کا تو قیامت تک یہ سلسلہ چلے گا۔ آپ کی ذہانت۔ فطانت۔ اور آپ کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے جو علمی مقام عطا کیا تھا۔ علماء نے ہر دور میں اسے تسلیم کیا۔ حضرت عیسیٰ بن موسیٰ ہاشمی بادشاہ منصور عباسی کا ساتھی عباسی خلفاء میں ایک بادشاہ گزرا ہے۔ پہلا بادشاہ منصور کے ساتھ کھڑا ہوا۔ اور حضرت امام اعظم کی طرف اشارہ کر کے کہا۔ ھذا عالم الدنیا الیوم۔ اس وقت پوری دنیا میں سب سے بڑا عالم یہ کھڑا ہے۔ اس وقت ایک بہت بڑے عالم کی گواہی کس دور میں سب سے بڑا عالم اے شہنشاہ منصور تیرے سامنے کھڑا ہے۔ جس کا نام امام اعظم ابو حنیفہ ہے۔ منصور اس بادشاہ نے پوچھا۔ کہ ابو حنیفہ آپ نے علم کہاں سے حاصل کیا۔ آپ نے اس کو بتایا۔ فرمایا میں نے حماد سے علم حاصل کیا میرے استاد حماد نے جناب ابراہیم سے علم حاصل کیا۔ انہوں نے حضرت عمر سے حضرت علی سے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود سے۔ حضرت عبداللہ بن عباس سے علم حاصل کیا۔ تو بادشاہ پکار اٹھا۔ کہا آپ نے بڑے مقدس بڑے مبارک سینوں سے علم حاصل کیا۔ تیرا علم کامیاب و کامران ہے ـــــ

یہ جو فقہ حنفی ہے۔ یہ قرآن حدیث کا نچوڑ ہے۔ یہ ذہن میں رکھو۔ فقہ حنفی کیا ہے۔ یہ کوئی قرآن کے مقابلے میں یا حدیث کے مقابلے میں کوئی نئی بات نہیں ہے۔ قرآن حدیث اجماع اور قیاس کا نچوڑ۔ صحابہ کرام حضور علیہ السلام اللہ پاک کا کلام الامام کا نچوڑ کیا ہے فقہ حنفی میں آپ کو ملتا ہے۔ کچھ لوگ دھوکہ دیتے ہیں۔ جی ہم حدیث پر عمل کرتے ہیں۔ فقہ حنفی نہیں مانتے؟ ان بد بختوں کو کیا پتہ۔ کہ فقہ حنفی نچوڑ ہے قرآن و حدیث کا۔ جس طرح امام اعظم نے سمجھا ہے۔ اس طرح کوئی سمجھا ہی نہیں اس طرح میں مثال آپ کو دوں۔ امام بخاری مسلم۔ جتنے گنتے جاؤ۔ یہ سب کے سب عقیدہ رکھتے تھے۔ ایمان گھٹتا بھی ہے اور بڑھتا بھی ہے۔ یہ سارے امام کہتے ہیں۔ امام بخاری نے بخاری شریف کا بھی بیان سے کیا ہے۔ کتاب الایمان سے ہوتی ہے۔ اور ایمان کی بحث بھی ہے۔ اَلْاِیْمَانُ یَزِیْدُ ایمان بڑھتا ہے۔ وَیَنْقُصُ اور گھٹتا ہے۔ امام اعظم نے فرمایا تھا۔ کہ ایمان مقدار میں نہ گھٹتا ہے نہ بڑھتا ہے۔

باقی اماموں نے کہا جتنے عمل ہم کرتے ہیں۔ نماز پڑھتے ہیں۔ روزہ رکھتے ہیں۔ حج کرتے ہیں۔ زکوٰۃ دیتے ہیں نوافل پڑھتے ہیں۔ صدقہ دیتے ہیں۔ یہ ایمان کا حصہ ہے۔ ظاہر ہے جب عمل گھٹے گا۔ ایمان بھی گھٹے گا۔ جب عمل بڑھے گا۔ ایمان بھی بڑھے گا۔ انہوں نے کہا۔ اعمال ایمان کا حصہ ہیں ـــ

لیکن امام اعظم نے کہا نہ ایمان الگ ہے۔ اعمال الگ ہے۔ کیوں۔ فرمایا اگر ایک بندہ عمل نہیں کرتا۔ ہم اس کو کہتے ہیں تو خارج۔ وہ تو پکا کافر ہے۔ اس کی بیوی نکاح سے خارج۔ فرمایا بے عمل ہوتا ہے مگر بندہ کافر نہیں ہوتا۔

اگر بے عمل ہوا۔ پڑھتا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ باقیوں کے نزدیک یہی بندہ کافر ہے ___ امام اعظم نے فرمایا نہیں غلطی تم تم ٹھیک نہیں سمجھے۔ تمہاری عقل نے ٹھیک نتیجہ نہ نکالا۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ یہ عمل جب وہ کم کرے تو ایمان میں کمزوری آتی ہے۔ وجود اس کا قائم رہتا ہے ___ باقیوں کی اگر مانیں تو پھر جب بے عمل ہو جائیں گے۔ ایمان سے جائیں گے لیکن امام اعظم نے امت کو بچالیا۔ مسئلہ بھی سمجھا دیا۔ اصول بھی سمجھا دیا۔ اسی لیے اللہ پاک نے فرمایا۔ الا الذین امنوا وعملوا الصالحت۔ ایمان جسم کی طرح ہے۔ عمل اس کے پروں کی طرح ہے۔ یہ امام اعظم کی عقل ہے سوچ ہے۔ اسی لیے مشہور مورخ محمد بن اسحاق نے کہا۔ اس نے کہا علم بحر و بر میں ہو مشرق یا مغرب میں ہو۔ جتنا علم ہمیں نظر آتا ہے۔ اس سب کو جمع کرنے والا امام اعظم ابو حنیفہ ہے۔

حضرت امام مالک کے سامنے امام شافعی نے امام ابو حنیفہ کا تذکرہ کیا۔ حضرت امام مالک نے فرمایا۔ مدینے کے امام نے فرمایا۔ امام ابو حنیفہ وہ امام ہے۔ اگر ایک لکڑی کے ستون کو اپنے عقل کی طاقت سے سونا ثابت کرنا چاہے۔ تو ثابت کر دے گا ___ جب کوئی بندہ آگے بڑھتا ہے۔ اپنے ہم عصروں میں۔ اپنے دور والوں میں۔ تو جتنا چاہنے والے ہوتے ہیں۔ اتنا حسد والے بھی ہوتے ہیں ___ آپ ایک جگہ سے گزرے۔ تو امام عبداللہ سفیان جو بہت بڑے امام تھے۔ وہ ادب سے کھڑے ہو گئے۔ حسد کرنے والے بھی بیٹھے تھے۔ کہنے لگے آپ نے اس بندے کیلئے کیوں قیام کیا۔ کیوں اس کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوئے۔ آپ نے فرمایا دیکھو۔ میری جہالت کے لوگوں۔ حضرت امام اعظم کو میں نے دیکھا۔ میں کھڑا ہوا اس کے علم کی تعظیم کی خاطر ___ لہذا اگر میں اس کے علم کی تعظیم کے لئے کھڑا نہ ہوتا۔ مجھے اس کی عمر کی وجہ سے کھڑا ہونا تھا۔ اگر میں اس کی عمر کی وجہ سے کھڑا نہ ہوتا تو مجھے اس کی فقہ کی وجہ سے کھڑا ہونا تھا۔ اگر میں فقہ کی وجہ سے کھڑا نہ ہوتا۔ تو مجھے اس کی عقل کی وجہ سے کھڑا ہونا تھا۔ اگر عقل کی وجہ سے کھڑا نہ ہوتا تھا۔ تو مجھے اس کی عبادت کی وجہ سے کھڑا ہونا تھا۔ وجہ یہ ہے۔ جتنے اللہ پاک نے کمال بنائے سارے اس بندے میں جمع فرمائے۔ یہ جامع الکمالات انسان ہے۔ اس کے اندر اللہ پاک نے وہ اوصاف پیدا کیے ہیں۔ حضرت امام شعرانی۔ امام شافعی کے ماننے والے تھے۔ امام شعرانی وہ کہتے ہیں امام فخر الدین رازی عقل تفسیر کا امام گزرا ہے۔ ان کی حیثیت امام اعظم کے سامنے کس طرح ہے۔ فرماتے ہیں جس طرح ایک قطرے کی نسبت سمندر کے سامنے۔ یا جس طرح ایک ستارے کی حیثیت سورج کے سامنے۔ امام رازی کا ستارہ ہے۔ امام ابو حنیفہ سراج ہے۔ امام ابو حنیفہ سمندر ہے۔ امام رازی قطرہ ہے۔ تو قطرے کی کیا نسبت ہوتی ہے۔ اسی لئے فرمایا۔ باقی اماموں کی حیثیت امام اعظم کے سامنے۔ یا حوض کی طرح ہے۔ یا ندی نالوں کی طرح ہے۔ امام اعظم کی حیثیت باقی اماموں کے سامنے۔ دریا کی طرح ہے۔ اس لیے اگر سارے امام امام اعظم کے علم میں محتاج ہیں۔ امام اعظم ان کا محتاج نہیں تھا۔ امام شافعی وہ بھی امام

کے محتاج ہیں یہاں تک کہ امام اعظم کے مزار پر حاضری دینے کے لئے امام شافعی آتے۔ آپ کے مزار کے قریب آ کے نماز پڑھتے تو آپ کی فقہ میں قنوت پڑھنا تھا۔ لیکن وہاں نہیں پڑھتے تھے۔ اگر رفع یدین کرتے تھے۔ لیکن امام اعظم کے مزار کے قریب رفع یدین ترک کر دیتے تھے۔ لوگوں نے کہا۔ آپ کی فقہ یہ ہے کہ رفع یدین کرو۔ آپ نے فرمایا۔ اتنے بڑے امام کے سامنے مجھے اپنی سوچ و فکر ظاہر کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔

امام شافعی فرماتے ہیں۔ مجھے جب کوئی مسئلہ پیش آتا تھا۔ اس کا حل میں یوں کرتا تھا۔ امام اعظم کے مزار پر چلا آتا۔ ایک طرف دو رکعت نماز نفل پڑھتا۔ اللہ سے دعا مانگتا۔ امام اعظم کے توسل اور وسیلے سے مشکل حل ہو جاتی تھی۔ امام اعظم کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے خوشخبریاں ملتی رہی ہیں۔ ایک بزرگ گزرے مسعود بن عبدالرحمان البصری وہ کہتے ہیں کہ میں کعبے میں تھا۔ ادھر حجر اسود ہے۔ ادھر مقام ابراہیم ہے۔ وہ عبدالرحمان البصری کہتے ہیں میں سو گیا۔ حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان۔ میری آنکھ لگی۔ تو میں نے حضور علیہ السلام کی زیارت کی۔ مجھے حضور حرم کعبہ میں مل گئے۔ تو میں نے حضور علیہ السلام سے پوچھا سرکار امام ابو حنیفہ کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے۔ سرکار نے فرمایا۔ اذن من علمہ۔ ابو حنیفہ کے علم سے حصہ حاصل کر۔ حضور نے فرمایا پھر اس کے مطابق عمل کر یعنی حنفی بن۔ آپ نے فرمایا نعم الرجل ابو حنیفہ تو بہت اچھا مرد ہے۔ ایک عالم کو کہا۔ حرم میں نبی پاک کی ملاقات ہو رہی ہے۔ نوفل بن عباس خوش ہوا۔ ادھر قیامت قائم ہو گئی۔ سرکار سے ٹکڑے نظر آئے۔ سرکار دو عالم نے حوض کوثر کا پیالہ اٹھایا۔ ایک بزرگ آئے جن کے سر کے بال تھے سفید۔ داڑھی تھی سفید۔ حضور علیہ السلام نے پیالہ اس کو دیا۔

میں نے پوچھا نوفل بن عباس سے یہ بتاؤ دائیں والا بزرگ جو میرے نبی کو مسلسل چومے جا رہا تھا۔ اور بائیں والا بزرگ کون ہے۔ حضرت سعید یا نوفل نے فرمایا۔ اے بے خبر جو دائیں طرف میرے نبی کا کھڑا ہے۔ اس کا نام ابراہیم خلیل اللہ ہے۔ اب ذرا گواہی سنو۔ بائیں طرف جو کھڑا ہے۔ فرمایا یہ ابوبکر صدیق ہے۔

اب ذرا لاہور کے داتا گنج بخش فیض عالم۔ آپ فرماتے ہیں کشف المحجوب پڑھو۔ میں سفر کرتا رہا۔ میں مزاروں پہ پھرتا رہا۔ چلتا چلتا میں ملک شام میں آیا۔ شام ہو گئی میں غور کرتا تھا اکرام۔ تو بلال کا مزار آ گیا۔ بلال کا مزار تھا۔ سویا ہوا میں دل کو یار رکھا۔ میرا یہ سونے کو دل بے قرار تھا۔ میں نے جو سر لگایا مجھے خواب آیا۔ اور میں نے خواب دیکھا۔ جسم میرا بلال کے مزار پہ تھا۔ اور روح میری مکے میں تھی۔ باب بنی شیبہ ہم بنی آ رہا ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں۔ کہ میرا آقا آ رہا ہے۔ میں نے دیکھا۔ کسی کو اٹھایا ہوا ہے۔ جب حضور قریب آئے۔ میں حضور کے قدموں پہ گر گیا۔ میں نے سرکار کے قدموں کو چوم لیا۔ اور پوچھا۔ میرے آقا یہ کون خوش نصیب ہے۔ جس کو میرے نبی نے اٹھایا ہوا

ہے۔ میری طرف دیکھا۔ دیکھ کے فرمایا عمل پہ تیرا بھی امام ہے۔ تیرا ممالک والوں کا بھی امام ہے۔ یہ ابو حنیفہ ہے ———
داتا صاحب کی بات ہے ہیں کہ مجھے بڑا چین آیا۔ میرا امام کا میرے سامنے نبی نے تعریف کی ——— میں نے یہ نتیجہ نکالا کہ امام
اعظم ابو حنیفہ اپنے پاؤں سے نہیں چل رہے۔ اس کو پیغمبر نے اٹھایا ہوا ہے۔ اور جس کو نبی اٹھا لے۔ اس سے غلطی نہیں ہوتی۔
لہذا فقہ حنفیہ میں غلطی نہیں ہے۔ کیونکہ اس کو نبی نے اٹھایا ہوا ہے ——— ———
یہ ہے فقہ حنفیہ، ہم ہیں حنفی ——— ولی حنفی ——— سارا امام حنفی ——— اب ذرا مجدد الف ثانی
سے سنیئے ——— ایسا کوئی متقی ہی کوئی نہیں گزرا ———
حضرت امام اعظم کے سامنے ایک آدمی حاضر ہوا اور کہنے لگا ——— حضور میں برباد ہو گیا۔ کہا میں نے اپنی بیوی کو کہا
کہ اگر تو صبح تک نہیں بولے گی۔ تو تجھے طلاق ——— حضور وہ بہت ضدی گھرانے سے تعلق رکھتی ہے۔ میں نے بڑی کوشش
کی ہے۔ اب رات کے بارہ بجنے کو ہیں۔ اس نے بھی ہٹ باندھ لی ہے۔ کہ میں صبح تک نہیں بولوں گی۔ حضور صبح ہو گا
تو میرا گھر برباد ہو جائے گا۔ ہر عالم سے ملا۔ مایوس۔ جتنی سب کا دروازہ کھٹکھٹایا ——— کسی کی عقل میں نہیں آیا ———
وہ کہتے ہیں کسی کتاب میں نہیں ہے ——— ہم سارے مایوس ہو گئے۔ سرکار کچھ کرو۔ آپ ہنس پڑے ——— فرمایا اتنی چھوٹی سی
مسئلے لے کے پہنچ گیا ——— اس نے کہا کسی عالم کو بھی نہیں آتا۔ آپ کہتے ہیں چھوٹی سی ——— آپ نے فرمایا بولے گی۔ حضور وہ بڑی
پکی ہے ——— وہ نہیں بولے گی۔ آپ نے فرمایا۔ وہ کیسے نہیں بولے گی۔ تو جا حضور کیسے۔ فرمایا اسے بول کر لوگ کہہ رہے ہیں
گلی محلے والے۔ کہ تیرا باپ چور تھا ——— آیا بیگم کو بس بتایا۔ بیگم نے کھینچ کے فرمایا۔ کہ پہلے تو چور تھا۔ پھر تیرا
پیو چور تھا۔ پھر تیرا سارا خاندان ہے پھر سارے محلے والے ——— وہ کہاں دی وجہ ہے الحمد للہ ———
وہ ابو حنیفہ ——— اب بیوی کو سمجھ آئی پانچ منٹ کے بعد ——— ساری بات سمجھ چکا ——— کہنے لگی اور میں نے
تو بولنا نہیں تھا ——— اس نے کیا حرب یہ ترکیب امام اعظم ابو حنیفہ نے کیا بتائی ہے۔ باقی کہاں ایسے عقل والے ———
ایک ہی ہے جو علم کا امام ہے۔ عقل کا بھی ———
یہ خارجی جن کا ذکر کیا میں نے آپ سے یہ کہتے تھے۔ لا حکم الا للہ ——— اللہ کے سوا کوئی فیصل نہیں ——— ثالث کو
جو مانے گا اللہ کے سوا وہ مشرک ہے ——— حضرت علی نے جنگ میں امیر معاویہ کو حکم تسلیم کر لیا تھا۔ وہ کہتے تھے علی
بھی مشرک ہے ——— یہ وہ بدنصیب ٹولہ ہے۔ تو حضرت امام اعظم تقریر کر رہے تھے۔ خارجیوں کا سردار آیا کہنے لگا تو بھی
ایک کی امت تسلیم کرتا ہے۔ تو تو بھی کافر ہے۔ میں تجھے قتل کر دوں گا۔ امام اعظم نے فرمایا بات سن۔ پہلے مناظرہ
کر۔ اس نے کہا میں تیار ہوں ——— آپ نے فرمایا پہلے کوئی ثالث بھی تو مان ——— فیصلہ کون کرے گا۔ آپ نے فرمایا اپنے سرداروں
میں سے کوئی مان لے۔ اس نے ایک سردار کا نام لیا۔ آپ نے فرمایا اب تو نے تو ثالث مان لیا ہے۔ تو تو بھی کافر ہے۔

یہ میرے امام کا عقل ہے۔ یعنی جو بھی مسئلہ ملاحظہ میں۔

ایک آدمی آیا۔ کہ حضرت میں اپنے بیٹے کا ہاتھوں تنگ ہوں۔ ویسے تو ہر باپ تنگ ہوتا ہے۔ میں اس کی شادی کرتا ہوں۔ ہر تیسرے دن طلاق دیتا ہے۔ خرچہ بھاگ گیا۔ دلہن بھاگ گئی۔ اس نے عذاب پیدا کر رکھا ہے۔ اور میں مجبوریوں میں کیا کروں۔ آپ نے فرمایا اس کا بھی حل ہے۔ اس نے کہا حضور کوئی نہیں بتاتا۔ آپ نے فرمایا جا۔ اس کو لونڈیوں کے بازار میں لے جا۔ وہاں اس کو کہہ جو مرضی آئے چن لے۔ جس کے اوپر ہاتھ رکھے شادی کر دے۔ تو اس کو خرید لے اس سے شادی کر دے۔ جب یہ شادی کرے گا۔ طلاق دے دے گا۔ لونڈی پڑی ہے اس کی نہیں ہو گی۔ پھر طلاق دے دے گا۔ آزاد کرنے کا اس کو اختیار نہیں۔ لونڈی پڑی ہے۔ چیز پڑی رہے گی۔ کم از کم اس مصیبت سے تو بچ جائے گا کہ لڑکی بھی گئی خرچہ بھی گیا۔

اس سے بڑی بات میرے امام کا تقویٰ کی۔ میرے امام کی طہارت۔ میرے امام کی نیکی۔ میرا امام معلوم ہے۔ جب بات ہوتی۔ ساری دنیا سوتی۔ چالیس سال تک میرا امام کروٹ کے بل سویا نہیں ہے۔ چالیس سال مسلسل ہر رات قرآن کا ختم۔ رمضان کا مہینہ ہوتا تو دنیا ایک ختم کرتی۔ کوئی دو۔ ساٹھ قرآن ختم کرتے تھے۔ عید کے دن ہم مکمل سی ہو رہے ہیں ہمارے امام دو قرآن ختم کرتے۔ فرمایا آج عید کا دن ہے۔ قرآن کی دید کا دن ہے یہ امام جس کا قرآن سے پیار کا یہ عالم۔ آپ کعبے میں گئے۔ دروازہ کھولا گیا۔ آپ کعبے کے اندر داخل ہو گئے تو آپ نے سوچا کوئی انوکھی عبادت کی جائے۔ آپ نے ایک قدم رکھا۔ دوسرا قدم اٹھا لیا۔ ایک پاؤں کے اوپر پندرہ سپارے پڑھ لیے۔ پندرہ سپارے دوسرے پاؤں پر پڑھے۔ ادھر صبح ہو گئی۔ اور پھر رو رو کے دعا مانگی میرے اللہ۔ میں نے تیری عبادت کا حق ادا نہیں کیا۔ کعبے کے کونے سے آواز آئی۔ اللہ تجھ پہ رحمت کرے۔ تو نے کمال کر دیا۔ قرآن مجید کی تلاوت بھی جاری ہے۔ آنکھوں سے گریہ زاری بھی جاری ہے۔ روتے بھی جا رہے ہیں۔ جیسے ابھی کوئی رحم کھانے لگے۔ اتنا بڑا امام اے اللہ دل میں تیرا درد ہے۔ تیرا خوف اتنا ہے۔ ہم تو کچھ بھی نہیں کرتے۔ ہمارا تو دامن زندگی بالکل خالی۔ گناہوں سے بھرا ہوا ہے۔ لیکن اتنا بڑا امام۔ اتنی بڑی خدمات۔ لیکن اس کے باوجود خوف خدا کتنا ہے۔ ایک دن آپ گلی سے گزر رہے تھے۔ کسی بچے کے پاؤں پر پاؤں آ گیا بے دھیانی میں بچے نے کہا او بابا! اوہ میاں جی۔ خدا سے ڈرو۔ قیامت کے دن سے ڈرو۔ پھر پاؤں کو اوپر پاؤں رکھ دیا۔ تو آپ بے ہوش ہو کے زمین پہ گر گئے۔ جب ہوش میں لایا گیا۔ لوگوں نے کہا حضور اتنی سی بات پہ آپ بے ہوش ہو گئے۔ فرمایا مجھے قیامت کا منظر یاد آ گیا۔ میں اس طرح کے بے ہوش ہو گیا کیسی رب کی طرف سے آزمائش ہی نہ ہو۔ دوستو جتنا کوئی اونچے مرتبے والا ہے، اتنا احساس ہے۔

اتنا نازک ہے۔ امام اعظم کیونکہ اماموں کا امام۔ امام الائمہ سراج الامۃ۔ اللہ کمال بات یہ ہے۔ جس جگہ پر
آپ کی وفات ہوئی۔ اس جگہ آپ نے ستر ہزار قرآن ختم کیا تھا۔ ہم تو پیچھے والوں کو کہتے ہیں کہ یاسین پڑھ
دینا۔ وما تقدموا لانفسکم ـــ جو بھی نیکی اپنے ہاتھوں سے کماؤ گے۔ جاتے ہی آگے پاؤ گے۔ بعد میں
آنے والوں کی مرضی کوئی دعا مانگے نہ مانگے۔ کوئی تمہارے نام پہ دے دلا نہ دے۔ پھر تو تم مجبور ہو۔ بہرحال آج تک
دنیا دعائیں مانگ رہی ہے۔ لیکن میرے امام نے حضور کی امت کے 83 ہزار مسائل جو پیش آنے تھے حل فرما دئیے۔
جن میں سے تقریباً 38 ہزار مسائل عبادات کے متعلق تھے باقی معاملات کے متعلق تھے۔ اتنے مسائل
اکیلے امام اعظم نے حل فرما دئیے ـــ حضرت مسعر بن قدام فرماتے ہیں۔ کہ ایک بار شام ڈھلی رات ہوئی۔
میں مسجد میں آیا۔ کوفے کی مسجد میں آیا۔ میں نے دیکھا ایک اللہ کا بندہ ہے۔ جو جھوم جھوم کے اللہ کی عبادت
میں مصروف تھا۔ میں نے کہا بڑا ہی دردناک آواز بڑی میٹھی آواز بڑی خوشبو بھری آواز ہے میں سنوں قرآن فرماتے ہیں
میں سنتا رہا وہ پڑھتا رہا۔ میں نے سوچا ساتواں حصہ قرآن کا پڑھیں گے۔ پھر رکوع میں جائیں گا۔ لیکن وہ رکوع میں
نہ گیا۔ میں نے کہا پھر چوتھا حصہ پڑھیں گے۔ وہ رکوع میں جائے گا۔ میں نے سوچا تیسرا حصہ پڑھ کے پھر رکوع میں جائے گا۔
اللہ کا بندہ روتا بھی رہا اور پڑھتا بھی رہا ـــ پھر بھی رکوع میں نہ گیا۔ یہاں تک کہ اس نے ساری رات میں ایک رکعت میں مکمل
قرآن پڑھ ڈالا۔ جب دوسری رکعت الم سے شروع کی ـــ المفلحون پہ سلام فرمایا۔ میں نے جا کے چہرہ دیکھا تو وہ امام
ابو حنیفہ تھا ـــ میرے دوستو ہم تو تصور بھی نہیں کر سکتے۔ ہم تو سوچ بھی نہیں سکتے۔ یہ حنفی اپنے
آپ کو بڑا بولتے ہیں ـــ وہ خواب میں بھی نہیں سوچ سکتے جو امام اعظم کر گئے۔
حضرت مجدد الف ثانی فرماتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ وضو کے مستحبات میں سے فرض نہیں۔
ہم جب وضو کرتے ہیں جلدی جلدی پاؤں اٹھایا پانی مارا۔ کوئی جگہ خشک کوئی جگہ گیلی۔ جیسے ہی بھاگ کے
نماز میں شامل ہو گئے۔ امام اعظم کا فرض نہیں واجب نہیں سنت نہیں مستحب وضو کا ایک چھوٹ گیا۔
تو آپ نے چالیس سال کی نمازیں دوبارہ قضا کیں ـــ بتاؤ ہم سے کس میں کس کی طاقت ہے۔
یہ وہی کر سکتا ہے۔ جس کو اللہ کی توفیق شامل حال ہو۔ جس میں خوف خدا شامل حال ہو۔ یہ کرنے
والا کون ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی فرماتے ہیں جس کے نزدیک مستحب کی قدر ہوتی ہے۔ سنت کی قدر کتنی ہوگی۔
اور جو سنت کی قدر کرتا ہوگا۔ واجب کی قدر کتنی ہوگی ـــ جو واجب کی قدر کرتا ہے۔ اس کے نزدیک فرض کی قدر کتنی ہوگی۔
وہ امام اعظم ابو حنیفہ علم میں دیکھو امام تقویٰ میں دیکھو امام۔ طہارت ـــ ہم نے حلال نہ حرام ـــ حلال
آیا تب بھی کھایا۔ حرام آیا تب بھی کھایا۔ حرام حلال کی تمیز ہی کوئی نہیں ہے۔ حضرت امام اعظم کے دور میں

کوفہ کے شہر میں۔ ایک بکری چوری ہوگئی۔ شہر میں آگئی۔ آپ کو پتہ چلا ایک یا کچھ بکریاں جو چھینی ہوئی تھیں ادھر شہر میں
آگئی ہے۔ یہاں بیچ دی گئی ہیں۔ آپ نے پوچھا عقل والوں سے ایک بکری کی اوسط عمر کتنی ہو سکتی ہے۔ انہوں
نے کہا زیادہ سے زیادہ سات سال۔ پھر ذبح کر دی جاتی ہے وغیرہ وغیرہ —— آپ نے سات سال مسلسل بکری
کا گوشت اس لئے نہیں کھایا۔ کہیں چوری والی بکری کا گوشت پھر کھانے میں نہ آجائے۔ یہ کس میں
یہ طہارت۔ ہے کوئی عالم کوئی ولی کوئی بڑا شیخ الحدیث کوئی بڑا امام ایسا جس نے سات سال بکری کا گوشت
صرف اس لئے نہیں کھایا۔ کہیں مشکوک لقمہ میرے منہ میں نہ آجائے۔ عبادت کا یہ عالم۔ ریاضت کا یہ عالم
آپ کاروبار کرتے تھے کپڑے کا۔ آپ نے اپنے سیلزمین کو بھیجا۔ کہ فلاں کپڑے میں یہ عیب ہے۔ جو خریدے
اس کو بتا دینا۔ اور ہم کیا کہتے ہیں۔ ذرا دیکھو نہ لے گا گاہک —— لگا دو۔ پہلے گاہک آنے والے کو لگا۔ بعد میں
آئے گا تو دیکھ لو۔ میں آپ کو بتایا کرتا ہوں لاہور میں پیپر سے تو کیا ہوتا ہے۔ دکھایا دائیں، مارا بائیں۔
ماشاء اللہ جتنے ہم حاجی نمازی نمازی ہیں اتنے بڑے پرہیزگار ہیں۔ ڈاکہ ہر روز فراڈ ہر بار ہے۔ دو چار دن
کی دولت اکٹھی کر لو گے۔ پھر حج پہ جائیں گے۔ پھر کس کو بھجوائیں گے۔ سب معاف ہو جائیں گے۔ کیا دھوکہ
بازی اپنے ساتھ۔ ہم اپنی قبر کالی کرتے ہیں۔ لیکن میرے امام کا تقدس طہارت پاکیزگی۔ عبرت حاصل کرنی چاہیے
ناجی —— آپ نے بھیجا فرمایا بتا دینا۔ وہ آیا یہاں بھول گیا۔ فرمایا لوٹ کے کتنا پیسہ۔ کہا جی ۳۰ ہزار
درہم آیا ہے۔ فرمایا۔ سب ہزار سے کے راہِ خدا میں خرچ کر دو۔ یہ ہمارے لئے مشکوک ہے حلال نہیں ہے۔
یہ پاکیزگی ہے۔ کیا طہارت ہے۔ کیا تقویٰ ہے۔ ایک مرتبہ گزر رہے تھے۔ گلی سے کیچڑ تھوڑی سی اڑ کے لگ گئی
کپڑوں پر۔ بیٹھ کے دھونے لگ گئے۔ کسی نے کہا حضرت امام صاحب۔ آپ کا فتویٰ ہے کہ اتنا کیچڑ لگ جائے تو
معاف ہے۔ فرمایا فتویٰ اور ہے۔ تقویٰ یہ ہے کہ فتویٰ میں یہ جائز حد ہے۔ لیکن تقویٰ کا تقاضا اس کو
دھو ڈالو —— وہ امام ہے جس کو امام اعظم نہ کہیں تو کیا کہیں۔ ایسا نہ قدر کا ملے گا۔ نہ حافظ ملے گا نہ مفتی
ملے گا۔ نہ حاجی ملے گا۔ نہ نمازی ملے گا۔ نہ عالم ملے گا۔ جامع الکمالات شخصیت۔

معاملات ایک مرتبہ آپ گزر رہے تھے۔ جنازے میں شریک ہو رہے تھے۔ ایک جگہ جنازہ رکا۔ آپ دھوپ میں
کھڑے ہو گئے۔ سب تو دیوار تھی بڑی ساری اس کا سایہ تھا۔ کسی نے کہا حضرت دیوار کے سائے میں آجاؤ۔ فرمایا
میرے لئے درست نہیں ہے۔ حضور کیوں فرمایا۔ اس گھر والے پر میرا قرضہ ہے۔ اور قرض خواہ سے جو نفع اٹھاتا
ہے۔ وہ سود بن جاتا ہے۔ مجھے ڈر لگتا ہے کہیں اس کی دیوار کا سایہ مجھ پر پڑا کہیں سود کا کھاتہ نہ کھل جائے۔ اور
ہم تو اللہ کے فضل سے سود کھاتے ہی نہیں ہیں۔ ہم جتنے بیٹھے ہیں ہم سود کو بالکل کتا سمجھتے ہیں۔ ہم نہیں کھاتے

سود ہے کیونکہ ہمیں پتہ ہے کہ سود اللہ سے جنگ ہے۔ حکمران بھی نہیں کھاتے ـــــ صرف سپریم کورٹ میں اپیلیں درج کرتے ہیں۔ پھر ہم ان کو مگر آتی نہیں۔ جن کو اللہ پاک اپنا پیارا بناتا ہے۔ ان کے لیے شرطیں بھی کڑی لگاتا ہے۔ ان لوگوں کی زندگیاں ہمارے لیے۔ اسی لیے زہد یا معاملات کیا ایسے۔ عبادت بھی ایسے ایسے ہی امام اعظم نہیں کبھی دنیا۔ ایسے سراج امت نہیں تھی دنیا۔ امام اعظم کی مثال ڈھونڈنا مشکل بھی نہیں ملتی۔ امام اعظم بنایا تو رب نے ایک بنایا ـــ جس میں تقدس طہارت پاکیزگی تدریس علم اور علم پھیلایا۔ بستر ہزار حدیثوں کا نچوڑ فقہ میں پلیش کر دیا۔ حضرت عبداللہ بن مبارک فرماتے تھے۔ جب بھی کوئی فیصلہ کیا امام اعظم نے اگر قرآن میں نہ تھا۔ حدیث میں نہ تھا۔ فیصلہ اپنے اجتہاد سے کیا۔ لیکن وہ اجتہاد دیں قرآن و حدیث کا نور تھا۔ اسی لئے ہم اس امام کو مان کر حنفی کہلاتے ہیں۔ تو ہمیں نماز کا بھی دھیان رکھنا چاہیے ـــ رمضان بھی اسی طرح دھیان رکھنا چاہیے۔ ہمیں سخاوت بھی اسی طرح کرنی چاہیے۔ امام اعظم جب پڑھاتے تھے تو جتنے شاگرد آتے۔ آپ ان کی خدمت بھی فرماتے۔ لوگوں کو متوجہ فرماتے۔ اور آپ نے ایک حصہ بیوہ یتیموں کے لئے مختص کیا۔ مساکین کیلیے۔ ایک شاگردوں کے لئے مختص کیا۔ جو خرچ ہوتا تھا انہیں کے نام پر لگاتے۔ پھر ان کا شکریہ ادا فرماتے۔ کہتے تم نیک لوگ ہو۔ میں نے صدقہ خیرات کیا۔ تم قبول نہ کرتے تو مجھے یہ نفع نہ ملتا۔ مجھے نیکی نہ ملتی۔ تمہارا مہربانی کہ تم نے حصول کر کے مجھے نیکی کے قابل بنا دیا ـــــ

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ امام اعظم ابوحنیفہ کی عزت عظمت پہچاننے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور ہمیں ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

۴-۱-۲-۱۴ = ۲ ـــ ۳ ـــ ۱۴۳۵

بروز ہفتہ ۴:۴۵ ـــ ۱ pm

(عشق الٰہی)

والذین امنوا اشد حبا للّٰہ ـــ اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کی خصوصیت بیان فرماتے ہوئے فرمایا۔ والذین ایمان کی دولت سے سرفراز ہوئے۔ اللہ کے رسول کو مانا۔ ان کی خصوصیت یہ ہے۔ کہ وہ اپنے رب سے ٹوٹ کر پیار کرتے ہیں۔ اپنے رب سے محبت کرتے ہیں۔ یہاں صرف اہل ایمان کی خبر بتائی۔ ان کی صفت بتائی کہ ان کے اندر اللہ رسول کا پیار کس طور سے کتنا ہے۔ اور چھٹے سپارے میں ارشاد ہوا۔ یاایہاالذین امنوا من یرتد منکم عن دینہ۔ فسوف یاتی اللہ بقوم یحبہم ویحبونہ ـــ وہاں حرف بتایا ہے۔ اور یہاں تنبیہ کی ہے۔ کہ مجھے کیسے مومن چاہییں۔ کس قسم کے مجھے بندے چاہیئے۔ اللہ فرماتا کہ اے ایمان تم دین سے پھر جاؤ۔ اللہ بے نیاز ہے۔ اُسے کوئی

پرواہ نہیں ہے۔ اُسے مانو نہ مانو اللہ کو کوئی پرواہ نہیں ہے۔ اللہ کو کیسے بندوں کی ضرورت ہے۔ فرمایا کہ سوف یاتی اللہ بقوم یحبھم و یحبونہ۔ اللہ ایسی قوم لائے گا۔ جن سے اللہ پیار فرمائے گا۔ وہ اللہ سے پیار کریں گے۔ ان دو نوں آیتوں کو ملائیں تو نتیجہ یہ نکلتا ہے۔ کہ یہ لوگ اللہ کو معبود سمجھتے ہیں۔ اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔ سر جھکاتے ہیں۔ پیشانی جھکاتے ہیں۔ اس کے سامنے قیام کرتے ہیں۔ لیکن اللہ کا ہم سے تقاضا یہ ہے۔ کہ تم مجھے معبود نہ بناؤ۔ معبود بھی بناؤ محبوب بھی بناؤ۔ میری عبادت کرو اور عبادت میں محبت شامل کرو وہ عبادت عبادت نہیں ہوتی۔ جس عبادت میں محبت نہیں ہوتی۔ اس لیے فرمایا کہ خالی سجدے

واے ناکامی اے زاہد کہ جبیں پر اس کی | داغ سجدہ تو بنا داغ محبت نہ بنا۔

فرمایا مجھے ان کی ضرورت ہے جن کے سجدوں میں پیار ہو۔ جن کے قیام میں محبت ہو۔ جن کی ہر ہر ادا سے محبت جھلک رہی ہو۔ مجھے محبت سے خالی سجدوں کی ضرورت نہیں ہے۔ حضرت سیدنا یحییٰ بن معاذ رازی اولیاء کے امام ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک ایک سجدہ جس میں اللہ کا پیار چھپا ہو۔ اللہ کا عشق ملا ہو۔ مجھے وہ سجدہ ستر سال کی بے ریا عبادت سے افضل و اعلیٰ لگتا ہے۔ جو بغیر محبت کے کی جائے۔ ستر سال عبادت بے ریا ایک طرف۔ اور ایک محبت والا سجدہ ایک طرف۔ وہ ستر سال کی عبادت پر بھاری ہے۔ اسی لیے کسی نے فرمایا۔ جن کے اندر پیار نہیں۔ اس کے اندر ایمان ہی نہیں ہے۔ اس لیے محبت محبت رہتی ہے۔ جب تک حد اور قید میں رہے۔ جب حدود قیود کو توڑتی ہے۔ اس میں شدت آتی ہے۔ تو محبت عشق بن جاتی ہے۔ اور اس کا تقاضا ہم سے ہے۔ کہ ہم اللہ سے محبت کرو۔ بلکہ اللہ سے عشق کرو۔ اللہ سے پیار کرو اور حضرت علامہ اقبال نے ٹھیک کہا۔

گر ہو عشق تو کفر بھی مسلمانی | نہ ہو تو مرد مسلمان کافر و زندیق۔

میاں محمد بخش کھڑی والا۔ بابا کشمیری چڑھی والا۔ انہوں نے تو حد کر دی۔

چھپاں تناں دے عشق نور چھپا کتے اونہاں توں چنگے | یہ بات سچ ہے پکی ہے۔ حضرت یحییٰ منیری رحمہ وہ فرماتے ہیں کہ رب نے مسلمان بنایا۔ اس کو بڑا امتیازی شان عطا فرمائی۔ لیکن اس کی قدر و قیمت کس سے ہے۔ سب سے کامل انسان بنایا۔ اور انسان میں کامل چیز دل بنایا۔ اور دل کو اس لیے افضل و اعلیٰ بنایا۔ کہ محبت کا شہباز اسی پہ آیا۔ اگر دل میں محبت نہیں ہے۔ وہ دل نہیں ہے۔ اور جس کا پہلو میں دل نہیں ہے۔ وہ بندہ نہیں ہے۔ تو بندے کی قیمت دل سے دل کی قیمت محبت سے اگر دل محبت سے خالی تو دل دل نہ رہا۔ اور اگر انسان دل سے خالی تو انسان ہی نہ رہا۔ اس لیے فرمایا محبت کرو۔ پر اللہ کی طرف سے منتقل ہے یہ اللہ کی طرف سے جو ہم

ہے۔ یہ امانت ہے اللہ کی طرف سے اس لئے میاں صاحب نے کہا۔ جنہاں تناں وچ عشق نہ رچیا ہے

مارک دے گر رائیں کردے صابر تھکے ننگے۔

انسان اور حیوان میں فرق امتیاز محبت ہے۔ امتیازی کلیہ محبت ہے۔ جن کے دل میں پیار ہے۔ ان کا بیڑا پار ہے۔ اور اوبا ٹوبہ ٹیک سنگھ کے نزدیک بزرگ گزرے ہیں۔ حضرت خواجہ نور محمد مہاروی کے دوست ساتھی سنگتی۔ حضرت علامہ شیخ الحدیث پیر علی حیدر۔ آپ فرماتے ہیں ـــ

حیدر گئے سوال جواب کنوں جیہڑے عشق دی تیغ شہید ہوئے۔

اوہ وچ رلے فوج حسین والی وچ بازار دے خرید ہوئے۔

جنہاں عاشقاں دے جھنڈے جھل رہن اوہناں پیر فقیر مرید ہوئے۔

جنہاں عشق دا ذوق نہ چکھیا حیدر اوہ مردود پلید یزید ہوئے۔

جہاں عشق آتا ہے بندہ بندہ بن جاتا ہے۔ جہاں پر آگ لگتی ہے۔ جہاں پہ چنگاری بھڑکتی ہے وہاں پہ بھٹیاں سلگتی ہیں۔ انسان شہباز بن جاتا ہے۔ پہاڑوں کو اٹھا کر کاندھوں پہ دھر کر نکل جاتا ہے اس لئے جب بھی اللہ کے پیارے سے پوچھوں۔ کہ قرب الٰہی کا راہ بتلاؤ۔ اللہ سے ملنے کی کوئی راہ بتلاؤ۔ وہ کہتے ہیں مولانا روم سے بڑا راز دار کون ہے۔ وہ ہاتھ اٹھاتے ہیں۔ دعائیں دیتے ہیں۔ کہتے ہیں۔

شاد باش اے عشق خوش سودائے ما — اے عشق ست لاخوش وسیں۔

اے طبیب جملہ علت ہائے ما

اے تو افلاطون و جالینوس ما

اے دوائے نخوت و ناموس ما — میری بیماریوں کا علاج بھی تو ہے میرے تکبر کا علاج بھی تو ہے۔ میرے نفاق کا علاج بھی تو ہے۔ میری ہر بیماری کا علاج تیرے پاس ہے۔

ہر کرا جامہ ز عشق چاک شد — جس کے اندر عشق نے ڈیرہ لگایا۔ ہر برائی کو مٹایا۔ بندے کو پکڑ کے رومی بنایا۔ جامی بنایا۔ غزالی بنایا۔ یہ ہے عشق کا سرمایہ ورنہ خالی علم و عقل۔ اس نے کچھ نہ کمایا۔ علم کا شہنشاہ تھا علامہ اقبال۔ وہ کہتا ہے۔ ـــ

کہ عقل عیار ہے سو بھیس بدل لیتی ہے۔ عشق بیچارہ — عقل کو عیار بتایا عشق کو امام بتایا۔ بلکہ فرمایا بندہ آزادم عشق است امام من۔ افلاطون مقدم من۔ عقل غلام ہے۔ یہ حرف مولانا کا نہیں۔ مدینہ جو بھی آپ جائیں گے۔ جس کوچے میں۔ حضرت بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ کے پاس کچھ لوگوں نے اعتراض کیا۔ حضور آپ بزرگ لوگ کہتے ہیں۔ کہ عشق بہت ضروری ہے۔ حضور نماز پڑھیں روزہ رکھیں۔ حج کریں۔ زکوٰۃ دیں تو کیا یہ کام بہتر نہیں کہ تین چیزیں ہیں۔ نماز پڑھو یہ سستی مٹاتی ہے۔ حج کرو مٹاتی ہے۔ برائیوں کو مٹاتی ہے۔ روزہ رکھو بندہ بھوکا رہتا ہے۔ اندر کی جتنی بری خصلتیں ہیں بیٹھ جاتی ہیں۔ آپ نے فرمایا میاں تو بھی سچا ہے۔ مگر قول اس سے اچھا ہے۔ حضور عشق کیوں اچھا۔ فرمایا پیارے نماز پڑھو گے کیا اثر ہوگا۔ حضور آپ بتاؤ۔ فرمایا میاں دل جنگل کی طرح ہے۔ سو دل دریا سمندروں ڈونگے ـــ ہر کسی کا دل ایک کائنات ہے۔ ایک جہان ہے۔ اور اس میں اتنی جھاڑیاں۔ اتنے جنگل اتنے پودے اُن گھاس۔ اتنی خواہشات۔ کہیں تکبر کا ڈیرا کہیں غرور۔ حرص۔ [illegible]۔ نفاق۔ کتنے بوٹے اس میں لگے ہیں۔ اب ایک ایک کو کاٹو تاکہ مکان مکین کے لائق بنے۔ مکان ستھرا ہوگا۔ جھاڑو پھیرے گا۔ چونا ہوگا۔ چھڑکاؤ ہوگا۔ پھر کہیں مکان والا آئے گا۔ کیونکہ وہ پاک ہے۔ وہ صاف ہے۔ وہ ستھرا ہے۔ وہ اس مکان میں ڈیرا لگاتا ہے۔ جس میں کوئی ککھ کنکر نہیں ہوں آتا ہے۔ پہلے دل میں وہ دیکھے تو تیرا دل تو جنگل کی طرح بھرا ہے۔ ادھر بوٹا نفاق کا۔ ادھر درخت بغض کا ادھر حسد کا۔ تیرے اندر تو اتنی جھاڑیاں اگیں ہیں۔ اب بول کیسے مکین آئے گا۔ اس مکان کی قدر مکین سے ہے۔ اگر مکین نہ آیا۔ تو لاکھ مکان کو اونچا بنا۔ اس کی لاکھ باریاں دروازے بنا۔ مکانوں کی رونق مکینوں سے ہوتی ہے کہ جن مکانوں سے مکین چلے جاتے ہیں۔ تو مجنوں سا لاآباد والا رونا تھا۔ یہ کہتا ہے۔

جوڑ ہتھ دعا منگو شالا کال نہ پوے بیلیاں دا۔
پہلے دیس پھیراں وچ جنگلاں دے۔ سونے سپار ربا جیوں اونگ بیلیاں دا۔
نہ ہار بھاویں نہ سنگھار بھاویں نہ بھاویں سنگ سہیلیاں دا۔
مجروح شاہ جیتو یار نہیں۔ جل تھاں دا [illegible] حویلیاں دا۔

ویراں ہے میکدہ خم و ساغر اداس ہے۔ تم کیا گئے کہ روٹھ گئے دن بہار کے۔

یہ مکان ہے اس مکان کو ستھرا کر۔ ایک نماز پڑھے گا۔ ایک حسد کی ٹہنی کٹے گی۔ درمیان میں وقفہ آئے گا۔ تو بازار میں جائے گا۔ اچھے اور اُگ جائیں گے۔ تو ایک مہینے کے روزہ رکھے گا۔ اپنے جگر کو پیاسا رکھے گا۔ پیٹ کو بھوکا رکھے گا۔ دو درخت اور کٹیں گے۔ چار درخت کٹیں گے۔ لیکن جنگل ہرے کا ہرا ہے۔ گیارہ مہینے پھر جنگل کی بھرمار اب بتا پیارے۔ اب بتا یہ گھر کیسے ستھرا ہوگا۔ اس نے کہا سائیں۔ پھر جو اللہ والے اور [illegible] والے اب علاج آپ بتائیں۔ اس جنگل کو ختم کرنے کا اس کائنات کو اجلا ستھرا کرنے کا علاج کیا ہے اس جنگل کو کیسے ختم کریں فرمایا اس کا آسان علاج ہے۔ حضور عمر گزر گئی۔ جانا تھا [illegible] نہ حاصل

ختم ہوا۔ پڑھتے پڑھاتے بڈھا ہو چلا ہوں مگر ابھی تک فرق نہیں آیا۔ معاف کیجئے گا۔ حضور میں کیا کروں دنیا
کو وعظ سنا سنا کے علاوہ کچھ کیا کیے۔ لیکن یہ وہیں کا۔ میں کیا کروں کوئی علاج بتائیں۔ کوئی نسخہ اک
ٹیپ بتائیے۔ آپ نے فرمایا۔ چشت اہل بہشت سے یہ نسخہ لے۔ حضور وہ کیا ہے۔ فرمایا جنگل کو ختم
کرنے کا۔ ایک ہی علاج ہے۔ کہ ایک طرف سے کھڑے ہو کر تیلی لگا دے۔ آگ لگا دو۔ ایک طرف
سے انگارہ پھینک دو۔ ایک طرف سے بھڑک اٹھے گی۔ دوسرے کنارے تک نکل جائے گی۔ نہ رہے گا بوٹا جڑی کا
نہ رہے گا درخت حسد کا۔ بس یہ پڑھ دل کا قل ھو اللہ احد کا۔ فرمایا آگ لگا۔ حضرت وہ آگ کیا بلا
ہے علی حیدر شاہ نے صدا دی کہ

کدی تینوں پتہ عشق والی ان کیتے تے تباہ تباہ کرسا۔
عاشق نے جیسا تیرا تیرا کر دسا کوئی عشق کرے تا واہ واہ کرے۔
سلیماں بھٹھیاں دا جھٹ جھالے یوسف نال زلیخا نکاح کرسا۔
جنہاں اپنا آپ نہ سا جیہڑا ام جنت دی کیوں چاہ کرے۔

اس لیے علاج کیا ہے دل کو آباد کرنے کا۔ اس اجڑی بستی کو درست کرنے کا۔ عشق کی آگ لگا دو۔ جب
یہ لگتی ہے پھر دعائیں نکلتی ہیں۔ پھر رات کو تہجد بھی آپ پڑھی جاتی ہے۔ پھر کتابیں پڑھ پڑھ کے دل سیر
نہیں ہوتا۔ لگی والیاں دا اکھ نہیں لگدا۔ حضور غزالی دوران میں نے گھٹنے پہ ہاتھ رکھ کے پوچھا۔ سرکار
اتنا کچھ پڑھا اتنا کچھ پڑھایا اور آپ کو نیند نہیں آتی۔ فرمایا اندر بھٹیاں سلگ رہی ہوں۔ تو نیند کیسے
آئے۔ اندر آگ لگی ہو۔ اس آگ سے دھواں نہیں اٹھا کرتا۔ اندر لگی ہی آگ مگر بے خبر تھے لوگ جلتے
ہوئے مکان سے دھواں نہ اٹھا۔ وقت کا غزالی و رازی ہو۔ تمام ورثہ دل میں سمایا ہو۔ پھر بھی سامنے آئے تو
پیاسا لگے۔ اس لیے میں نے کہا۔ کہ یہ عشق میراث مسلمانی ہے۔ یہی وہ چشمہ ہے۔ جس سے جس نے
پیا۔ وہ جہاں بھی گیا وہاں بھی جیا۔ لیکن جس نے عشق حضرت سیری سقطی رحمۃ اللہ کو وصال کا وقت آیا۔ اپنے
غلام جنید کو بلایا۔ ایک رقعہ ہاتھ میں دیا فرمایا جب میں گزر جاؤں تو اس کو کھولنا۔ لیکن کسی سے نہ بولنا۔ رقعہ
اٹھایا سینے سے لگایا۔ جب حضرت کا وصال ہو گیا۔ رقعہ کھولے تو لفظ لفظ بولے۔ رقعے میں کیا لکھا تھا۔
لکھا تھا۔ میرا پیارا بیٹا جنید اللہ سے عشق کرنا۔ جلووں سے نکل جانا۔ اتنا اپنے آپ کو اللہ کے عشق میں جلانا
سب کچھ اس کے نام لگانا۔ پھر آنکھوں کو بچانا۔ پھر سننا بھی آنکھوں سے دیکھنا بھی آنکھوں سے باتیں بھی کرنا آنکھوں
حرف آنکھ سے۔ حرف سمجھ سے آئی نہ۔ اس رقعے کا مطلب کیا ہے۔ جب حضرت بابا فرید کے کوچے میں قدم رکھا

تو آپ تڑپ تڑپ کے صدا آرہے تھے۔

سر کاگا سب تن کھائیو چن چن کھائیو ماس
مورے دو نیناں مت کھائیو انہیں پیا دیکھن کی آس

یہ عشق ہے۔ یہ ہر چیز کے شہبازوں کی چونچ چڑیوں کے سینے دا کے کھانے لگ پڑے۔ رستم کے بوجھ کو رستم کا گھوڑا ہی اٹھا سکتا ہے۔

عشق کرم دا ازلی قطرہ جس میں ڈوبن ناہیں۔
پلکاں لگدیاں ہاتھ نہ آوے پلکاں دے وچ رہندا۔

لیکن اس پیر نے کہا تھا۔ کہ اللہ سے عشق کرنا مرم ہے۔ حضرت بابا فرید گنج شکر سے کسی نے کہا حضور عشق کیا ہے کہ فرمایا سات سو منزلیں ہیں عشق کی۔ اور پہلی منزل ہے ہتھیلی پہ سر دھر کے کوچہ یار میں جانا۔ پہلی منزل ہے سر ہتھیلی پہ دھر۔ اب اس کا سامنا کر۔ جے مرناں تے اج مر۔

مرنا مرنا ہر کوئی آکھے میں وی آکھاں مرنا۔
جس مرنے وچ میل نہ ہووے اس مرنے نوں کی کرنا۔

مرنا ہے تو ایسے مر۔ عشق رب سے کر مگر یہ مسئلہ بہت مشکل ہے۔ حضور محبوب چشت حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی رات گزری۔ فریدالدین گنج شکر نے چیلہ لکھا یا پڑھایا۔ اور پلٹ کے مہر انتظام دلی آیا۔ جیسے رب نے منزلوں پہ چڑھایا۔ تو ایک رات کسی نے فرمایا نظام تو ہمیں پسند آیا۔ اب بتا عاشق بنے گا یا معشوق بنے گا یا محبوب۔ اب فوراً جواب دوڑ کے آئے اماں کی چوکھٹ پر۔ ماں ماں تھی میرے نظام کی۔ ماں کے پاؤں کو بوسہ دے کے کہا۔ اماں تو ہی بتا مو بلاتا ہے کیا بنے گا۔ میں کیا ہوں۔ آہ نکل گئی بی بی کی۔ فرمایا یہ منزل دور ہے دور اور ہمارا حاجی شاہ بھی رہ گیا۔

عشق دی منزل دور توں دور پتاں سبھے جو اتہ ہے۔
نہ سر حد نہ لیکن سدھی نہ میل اونتھاں نہ کوہ ہے۔
کئی رل مر گئے وچ راہ دے راشے دا انبوہ ہے۔
یاد دنیوں تو یاد نہ بیدی عشق ہانس حرف رہ ہے۔

میں کیا کروں اماں۔ فرمایا میرا بیٹا اس کا حل میرے دامن میں نہیں۔ اماں کس سے پوچھوں تو ہی بتا میں کس سے جا کے پوچھوں۔ فرمایا میرا بچہ جا۔ دلی کے فلاں چوک پر ایک تنور ہے۔ وہاں ایک نانبائی ہے جس کے تنور میں

آگ لگائی ہے۔ کیا بات ہے اس سے پوچھ۔ آئے آگے دیکھا تنور والا بابا نور والا۔ السلام علیکم جو فرمایا
اس کو پہلے پتہ چل گیا ہے کوئی آیا۔ انہوں نے بھی اپنے تلوؤں کو مٹی نہیں لگنے دی فرمایا۔ کیا کرنے آیا۔ اس نے کہا مجھ
سے ذرا الگ الگ یہ بات نہ کر میں غیر نہیں۔ کیا کام۔ کہا اسلام نام ہے میرا اسلام۔ اب بول کیا کام
ہے۔ جی میں رات کو بولتے تھے عاشق بنو گے کہ معشوق۔ اب تم بولو کہ میں کیا بنوں۔ کہا اللہ اللہ کر کسی
عالم سے پوچھ۔ کسی عارف سے پوچھ۔ کسی اللہ کے پیارے سے پوچھ۔ اور مجھ سے روٹیاں پکانا سیکھو۔ مجھ سے
آگ لگانا سیکھو۔ فرمایا ہاں پر شیر کی بات ٹھیک ہے۔ اس نے کہا میں لکڑیوں کی آگ کہتا ہوں۔
کیا اب اپنے قول سے نہ پھر۔ تو نے یہ جو تنور لگایا ہے۔ یہ جو آگ بھڑکائی ہے۔ پتہ نہیں اس کی روشنی
کہاں کہاں۔ اس نے کہا اچھا۔ سوال تو سیدھا ہے۔ کیا بنوں۔ اس نے کہا کل آنا۔ میں تو نقد نقد آپ کو
بتا رہا ہوں۔ فرمایا آج نہیں تو کل سہی۔ پھر ساری رات گزر گئی پھر کیا صبح ہو گئی۔ ساری رات گزر گئی آہیں بھر بھر کے
جب دوسرا دن آیا۔ میرا سلام جا پہنچا تنور کو۔ آگے جا کے دیکھا۔ نہ تنور نہ حضور لد گئے سجناں دور سے
تنور کے ٹوٹے اکھڑے ہوئے تھے۔ بابا جی کا پتہ بھی نہ تھا۔ اس سے پوچھے۔ اس سے پوچھے۔ لوگوں نے کہا جنگل
کو نکلا تھا۔ کہہ رہا تھا۔ کہ اگر دلی والوں کو میری روٹی کھانی ہو رہی ہے۔ تو ہم بھی منہ کر جائیں گے۔ ایسا کوئی بات
نہیں ہم کیا تجھے مل کے رہیں گے۔ ہم بھی چشتی ہیں۔ تو آگے چل ہم پیچھے آ رہے ہیں۔ آگے دیکھا تو ایک جنگل ویرانہ
نہ بندہ نہ بندے کی ذات۔ اس یار کو دیکھا۔ جو کل والا۔ دیکھا تو عجب حال ہے کہ بازو کہیں پڑے ہیں
ٹانگیں کہیں پڑی ہیں۔ بوٹیاں کہیں دھری ہیں۔ ہڈیاں کہیں پڑی ہیں۔ جنگل کے درندے بوٹیاں نوچنے پہ لگے ہوئے ہیں۔
حال جو دیکھا آخر تمام تھا۔ ادھر جا کے کہا۔ ارے وعدہ خلاف اگر یہی کرنا تھا۔ اگر تو نے بغیر بتائے مرنا تھا
تو وعدہ نہیں کرنا تھا۔ پہلے پوچھا تھا کہ عاشق بنوں کہ معشوق بنوں۔ کہا اگر عاشق بنے گا تو پھر یہ حال
ہے۔ بند کہیں۔ گوشت کہیں ہڈی کہیں پھر نعرے لگاتا ہے کہ

عاشق ہو دیں تے عشق کماویں دل رکھیں وانگ پہاڑاں

تو بیٹا عشق مانگتا ہے۔ ایسے ہو گا۔ وہیں سے الٹے پاؤں دوڑے اماں سلام بیٹا بول کیا ملا جواب اماں
عاشقوں کا یہ حال ہوتا ہے۔ فرمایا بیٹا اب سوچ رکھ سینے پہ ہاتھ اماں نے بیٹا کہا۔ عاشق بنے گا
کیا اماں عاشق فریدالدین ہی کافی ہے۔ میں تو کہتا ہوں محبوب بنا دے۔ تو پھر فرمایا منظوری ہو گئی۔
تو آج سے محبوب الٰہی ہے۔ عاشق نہیں سکھلا نہیں تے ویکھو میوں ننگ دے
خوشبوواں نال جلن وجود آتش تے جلتوں گل نہ سنگ دے۔

مرا فرید بولا۔ جداں عشق فرید استاد تھیا سب علم عمل برباد تھیا۔
پر حضرت دل آباد تھیا سو وجد کنوں سو حال کنوں۔

اس لئے یہ بات ذہن میں رکھو۔ جو عشق کماتا ہے۔ حضرت خواجہ معشوق ایک بزرگ گزرے ہیں حضرت خواجہ نظام نے ان کی باتیں لکھیں۔ مقام اس قدر بلند تھا۔ حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی فرماتے تھے۔ کہ قیامت کا دن آئے گا تو وقت کے اولیاء وہ حسرت سے کہیں گے۔ ہائے کاش کہ ہم ملنگ ہوتے اور ہمارے اوپر احمد معشوق کا پاؤں پڑتے رہتے۔ نماز نہ پڑھتے۔ پہلے تو نماز پڑھتے دکھائی نہ دیتے۔ جب دیوانے تھے مغلوب تھے پکے عشق میں۔ اب لوگوں نے مجبور کیا کہ احمد نماز پڑھا کر۔ کہا یار نماز پڑھوں گا۔ لیکن سورۃ فاتحہ نہیں پڑھوں گا۔ انہوں نے کہا یہ نماز کون سی ہے۔ جب مجبور کیا۔ تو کہنے لگا۔ چلو فاتحہ پڑھوں گا۔ لیکن ایاک نعبد وایاک نستعین والی آیت نہیں پڑھوں گا۔ انہوں نے کہا یہ تو جان ہے اس کی یہ تو پڑھنی پڑے گی۔ کہنے لگا لوگو مجبور نہ کرو۔ نہ ستاؤ مجھے۔ لوگوں نے کہا پڑھو یہی بات ہے۔ اس نے کہا اچھا کہتے ہو۔ تو نماز کی نیت فرمائی۔ ــ

جن کے سجدے تہ شمشیر ادا ہوتے ہیں۔ ان کے انداز عبادت بھی جدا ہوتے ہیں۔

سجود دیگر راز سوز دیگر داشت۔ بو جدا رم کہ زمین و آسمان را۔

وہ سجدہ ادا کر جس کی لذت کے شوق میں بجلیاں لرز کریں اور زمین و آسمان میں زلزلہ برپا ہو جائے۔ ایسا کوئی سجدہ دے مجھے کہتے ہیں جب سورۃ فاتحہ شروع کی۔ پہلے کا نہ جب کہا ایاک نعبد وایاک نستعین ابھی پہلا ل یہ زبان آئی تھی۔ یہ زبان کی جڑ سے خون کا فوارہ چھوٹ پڑا۔ احمد خون میں نہا گیا۔ اب یہ حال جب ہوا۔ تو لوگوں نے پکڑا تجھے یہ کیا ہوا۔ کیا کہتا نہ تھا۔ اب جو نکلا۔ اب جو دوڑا کہا۔ اب بولو مجھے کہا تو اپنے حال میں مست رہو۔ ہمیں پتہ نہ تھا۔

جب عشق آتا ہے۔ بلال بناتا ہے۔ یا شبلی بناتا ہے۔ منصور بناتا ہے۔ حضرت شاہ منصور گیارہ دن تک مسجد میں رہے جب اٹھارواں دن اختتام پہ آیا۔ حضرت شیخ شبلی بغدادی وہ دیوانہ مستر بنا کا۔ آیا اور کہا منصور عشق کیا ہوتا ہے۔ اس نے کہا کل آنا بتاؤں گا عشق کسے کہتے ہیں جب دوسرا دن آیا۔ یاروں نے پکڑ کے سولی پہ چڑھا دیا۔ جب سانس ٹوٹوں پہ آیا۔ تو شبلی کو منصور نے اشارہ فرمایا۔ آ تیرا جواب آیا۔ کہا کیا ہے عشق کہا ابتدا یہی تک انتہا یہی تک۔ اس لئے عشق جو کسی کے گا۔ تو اس کا یہ حال ہو جائے گا۔ حضرت خواجہ نظام فرید نے ملفوظات شریف میں لکھا ہے۔ کہ جب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کا دنیا سے گزرے تھے۔ سات دن تک وجد رہا۔ نماز کے وقت

وضو نہ ہوتا تھا۔ نماز پڑھتے تھے۔ جب نہلانے والے نے نہلایا۔ ہاتھ جو لگایا۔ ہڈیاں جل چکی ہیں عشقِ خدا میں۔
عشقِ رسول میں۔ جب تیرا مسئلہ میں آجاتا ہے۔ فرمایا یہ حریق المحبت ہے۔ یہ شہیدِ محبت ہے۔ لیکن کون جانے
؎ جس تن لاگے سو تن جانے ۔ شبِ غم کی سختیاں کو کوئی ان سے جا کے پوچھے۔
راہ تکتے تکتے جسے صبح ہو گئی۔ میرا گولڑے والا پیر روشن ضمیر فرماتے تھے۔ ؎

؎ رات ہنیری گھمن گھیری دریا ٹھاٹھاں مارے
اوہ کی جانن سار اساڈی جیہڑے رہن کنارے

کیا پتہ ہمیں کیا پتہ آپ کو ارے پوچھو ان سے میں نے عرض کیا ہے نا۔ خواجہ نظام الدین اولیاء فرماتے ہیں۔
تین بندے گئے دلی سے حج کرنے۔ ایک تھا قاضی دلی کا بیٹا۔ ایک تھا شیخ الاسلام دلی کا بیٹا۔ ایک تھا کوئی
فقیر۔ انہوں نے سنا۔ بار کعبے پہ پہلی نگاہ ڈالو تو جو دعا مانگو مقبول ہو جاتی ہے۔ اپنا مانگو دعا۔ قاضی کے
بیٹے نے کہا یا اللہ ابا مر جائے مجھے قاضی بنا۔ دوسرے نے کہا میرا ابا جب وصال فرما جائے مجھے شیخ الاسلام
دلی بنا۔ فقیر نے کہا۔ نہ ابا ہے۔ نہ ابا آگے جی ہے۔ میں کیا مانگوں۔ یا اللہ مجھے اپنا عشق عطا فرما۔
آ گئے واپس دلی۔ ابا قاضی کا مر گیا بن گیا قاضی بیٹا۔ شیخ الاسلام مرا اس کا بیٹا شیخ الاسلام بنا
جس نے مانگا تھا درد وہ جو تھا مرد۔ اب ہوا رنگ زرد۔ اب ہو گئی آہ سرد۔ اب بنا مرد۔
اب لگی آگ لاگی بیماری۔ بوٹیاں جھڑنے لگیں۔ زمین پہ گرنے لگیں۔ اب تش بدن میں جب یہ حال دیکھا چلا
چلایا۔ واہ مولا میں نے زحمت نہیں مانگی میں نے تو محبت مانگی تھی۔ میں نے تیرا پیار مانگا تھا۔ تو نے
ان کو ان کی من مانگی مراد دی۔ اور مجھے بیماری لگا دی۔ میں نے تو کہا تھا عشق دے۔ صدا آئی
شروع تو کیا ہے۔ ابھی سے آ گئے آپ کے آنکھوں میں آنسو۔ ابھی تو ہم نے قصہ درد چھیڑا ابھی نہیں
تم نے مانگا تھا ہم نے دے دیا۔ ابھی تو شروع کر رہے ہیں۔ یہاں سے پتہ چلا۔ جب عاشقوں کا
یہ حال تھا۔ اور جو خود فاطمہ کا لال تھا۔ عاشق نہ تھا۔ باقی روئے زمین پر جتنے گزرے ہیں۔ وہ عشق
والے ہیں۔ اور اقبال کہتا ہے کہ ؎

؎ حسین آں امام عاشقاں پورِ بتول ۔ وہ اقبال بابا جی علامہ عشق میں اقبال
کہتا ہے کہ حسین عشق کا بھی امام ہے۔ ؎ موجِ بادہ آزادم عشق است امام من ۔ سب کا امام
عشق ہے۔ عقل بے چارہ امامت کے سزاوار نہیں۔ یہ عقل پیچھے کھڑی ہے۔ لوگ پیچھے کھڑے
ہیں۔ عشق دی گھوڑی نکلا جا رہا ہے۔ لیکن صدقے مرے حسین مہرا۔ عشق جب تیرا بستی میں آگیا

عشق نے تیرے پیچھے بیعت کر کے بتایا۔ کربلا عشق غلام ہے۔ حسین میرا بھی امام ہے۔ کیا سمجھے ہو۔ اس لئے لوگ تو ایک ایک سر دیتے ہیں۔ عشق کماتے رہے۔ جب بازار لگا۔ کربلا میں۔ امد خریدار بنا۔ ان اللہ اشتری۔ وہ خود ہی آ کے جنس والے۔ پوچھنے والے نے پوچھا۔ میں پیشتری کون ہو کیا سودا لائے ہو۔ ہم آئے ہیں تیرے دیکھنے کو۔ تیرے دیدار کو۔ ہمیں تیرا دیدار چاہیے۔

Abbas

۶-۱-۲۰۱۴
۴-۳-۱۴۳۵

۱:۳۹ = ۳۶
(PM)
سوموار

الحمد للہ بخمرہ وتسلیمنا ___ سیدنا ومولانا وکریمنا ورحیمنا ورؤفنا وحبنا۔ ومحبوبنا۔ وحبیب ربنا۔ ومحبوب ربنا۔ وعلوینا۔ وبنیاتنا ومفتینا۔ ومقتینا۔ وعیوننا۔ وعیننا۔ ووکیلنا۔ وکفیلنا۔ وشفیعنا۔ وشفاءنا۔ وملجانا۔ وماوانا۔ وقرتنا وقرتنا عیوننا۔ وقرتنا ابصارنا۔ وقرۃ اجسادنا۔ وقرۃ ارواحنا۔ وقرۃ قبورنا۔ وقرۃ قلوبنا۔ وقرۃ صدورنا۔ ونورنا۔ ونور قبورنا۔ ونور قلوبنا۔ ونور صدورنا۔ ونور وجوھنا۔ ونور ابصارنا۔ ونور عیوننا۔ ونور اجسادنا۔ ونور ارواحنا۔ ونور قلبنا۔ ونور ایماننا۔ ونور اسلامنا۔ ونور حشرنا۔ ونور نشرنا۔ ونور عرش ربنا۔ ونور کرسی ربنا۔ لوح ربنا۔ ونور قلم ربنا۔ ونور ارض ربنا۔ ونور سماء ربنا۔ ونور جنات ربنا۔ ونور ذات ربنا۔ سیدنا ومولانا ___

نمبردار محمد عنایت اللہ قادری سانگلہ ہل

حیات النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بعض لوگ نبی پاک کے نام کو چومنے کو اچھا نہیں سمجھتے ــــ اور مخالف اصول کہتے ہیں ــــ بدعت
کہتے ۔ ان سے پوچھو بدعت کی قسمیں ہیں ــــ قرآن پر زبر زیر پیش ۔ زبر زیر پیش والا قرآن پڑھنا
بدعت ہے ۔ مسجد کو پکی بنانا یا زینت کرنا بدعت ہے ــــ صرف نحو کا پڑھنا بدعت ہے ۔ مسجد کے
مینار کے بنانا بدعت ہے ۔ پیٹ بھر کے کھانا ــــ جو کو ریشمی اور چھانا آٹا ــــ یہ سنت ہے ۔
لیکن توحید والے کئی کئی کھانے کھاتے ہیں ــــ درس گاہیں بنائی ہیں یہ بدعت ہے ــــ
بھینس کے بچے کو ۔ گائے کے بچے کو ۔ بکرا قربانی والا اس کو سب چومتے ہیں ــــ لڑکے کو چومتے
نبی پاک کو نا جائز کہنے والا اپنی پیدائش کو نہیں دیکھتا ۔ اگر چومنا شرک ہے تو پیدا
نبی پاک کے نام کو چومنا تعظیم ہے ۔ قرآن پاک میں ارشاد ۔ اذا جاءک المنافقون قالوا نشہد ۔
ــــ لکذبون ۲۸ منافقون ۔ منافق آ کے کلمہ پڑھا لا الہ الا ~~محمد رسول اللہ~~ ــــ انک محمد لرسول اللہ
پیارا کلمہ (ہے) جو نبی پاک کو حیات نہیں مانتا وہ کلمہ یوں پڑھے ۔ لا الہ الا اللہ کان محمد رسول اللہ
وہ یا نبی پاک کو زندہ نہیں مانتے ــــ محمد رسول اللہ تھے ــــ کلمہ حیاتی والا پڑھتا ہے ۔
اور عقیدہ مردہ ہونے کا رکھتا ہے ۔ مختلف مثالیں مثلاً یہ کالی ہے ۔ یہ محال ہے وغیرہ
اردو کے کلمے کے پیچھے یا دونوں کے لفظ لگ جائیں تو وہ حاضر مانی جاتی ہے ــــ یہ اسلامی
عقیدہ نہیں ہے ــــ منافق کا کلمہ اس کا ترجمہ ــــ بیشک آپ 3 دفعہ اللہ کے رسول ہیں ۔
معنے کے اعتبار سے مگر ان کا بکا ہے ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ مومن نہیں ــــ لکذبون ۔
مضبوطی سے کلمہ پڑھا اور اللہ رب نے مضبوطی سے دکھایا یہ مومنین نہیں ــــ کلمہ زبان کا تو لفظ
پڑھ بھی پڑھا بے ایمانی کی مہر بھی لگ گئی ــــ کیسے یہ کہنا سب مسلمان ہیں کلمہ گو ہیں
منافقوں کو ایمان نصیب کیوں نہیں ــــ ان المنافقین فی الدرک الاسفل ــــ ابوجہل سے
زیادہ عذاب ہوگا ــــ (مولوی صاحبان کے بارے میں باتیں کرتے ہیں) منافق سب کچھ
کرتے ہیں ۔ زیارت بھی ۔ حج زکوٰۃ نماز بھی ــــ منافق میں کیا خرابی ہے ــــ بجلی کی
مثال مثلاً بلب بلکہ بجلی کے کرنٹ کسی اور چیز کا نام ہے ــــ اعمال اور ایمان کا فرق ایمان
کرنٹ ہے ــــ (۱) علی کی نماز عصر ۔ (اور نبی کی محبت) فرض چھوڑا نبی پاک کا ادب
نہیں چھوڑا ــــ خانہ کعبہ میں نماز کا ثواب اتنا ہے ۔ تو نبی پاک کو دیکھنا کتنا ثواب ہے ۔
ایمان کا کرنٹ کیا ہے بارگاہ نبوت کا ادب ہے + بچے والدین کے نافرمان ہوں تو ان کے بارے میں

نبی پاک کا نیاز مند نہیں اس کا شمار نہیں ۔ منافقوں کے قلوب میں نبی پاک کا ادب نہیں تھا ۔
اعمال کرنے سے کچھ حاصل نہیں ۔ ایمان کا معنی ۔ نبی پاک کو دل دینے والا ۔ اسلام کا معنی
حضور کے پاؤں پہ سر رکھنا ۔ صحابی نے منت کی اگر مکہ فتح ہو گیا تو کعبے کے دروازے کو
چوموں گا ۔ نبی پاک نے ارشاد فرمایا ۔ اِذْهَبْ اِلٰی دَارِكَ وَقَبِّلْ قَدَمَیْ اُمِّكَ ۔
والدہ کے پاؤں کو چومنا ۔ والدین کے چہرے کو دیکھنا سو حج کا ثواب ۔ اعتراض کرتے ہیں
کہ بنیادوں میں پیدا کیا ہے ۔ ۲ اعتراض ۔ بابا صاحب کی بہشتی کھڑکی لکھا ہے ۔ ماں کے پاؤں کے نیچے
جنت ہے ۔ نبی کریم نے گھر گھر بہشتی دروازہ بنا دیا ہے ۔ امام ابو احمد اسحاق حاملی
کے بالوں کو چومتی ۔ پڑوسی کا خواب ۔ شام کو گھر آیا ماں کے قدموں پہ دھول پڑی تھی ۔ داڑھی کے
بالوں سے صاف کیا ہے ۔ نبی پاک کا نام چومنے سے شرک ہو جاتا ہے ۔ شرک کا معنی ۔
موت کا معنی کیا ہے ۔ وہابی سے کہا ۔ تو نبی پاک کو مرا سمجھتا ہے ۔ مجھے موت کا معنی نہیں آتا ۔
ہاتھ چومنے کا مسئلہ ۔ فتح الباری شرح بخاری ۔ عینی شرح بخاری ۔
(۱) علی اور امیر معاویہ کی جنگ ۔ امیر معاویہ کافر ہے تو خود بتا کہ حضرت علی نے فتح کیوں
نہیں ۔ اگر امام حسن نے امیر معاویہ کی بیعت کی ہو تو تم اس کو کیا کہو گے ۔ بیعت کافر کی ہی
یا مسلمان کی ہے ۔ کتاب مشارق الانوار پڑھو گے تم خود ۔ فاسق و فاجر کی بیعت
نہیں کافر کی کیسے کر گئے ۔ امام حسین نے چالیس ہزار فوج کے ساتھ مقابلہ کیا لیکن ۔
شرح عقائد کا مسئلہ در اشیاء کی تعداد ۔ صحابہ کرام کی تعداد ۔ ایک ایک صحابی ایک ایک
نبی کا مظہر ہے ۔ امام عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں ۔ بڑے بڑے اولیاء کاملین فرماتے ہیں ۔ محدثین فرماتے
ہیں ۔ سو غوثوں کی غوثیت کا درجہ ایک ترازو کے پلڑے میں رکھا جائے نبی پاک کے صحابی کی گھوڑے کی
ٹاپ کی مٹی کے برابر درجہ نہیں ہو سکتا ۔ آج کل نتھو فتو للو پنجو کہتے ہیں ہم مومن ہیں ۔
فلاں صحابی ایسا ہے ۔ اگر معیزہ نبی پاک کو دل نہ دیا سوا نکتہ چینی کے سوا حاصل نہیں ہو گا کہ
کسی پہ نکتہ چینی کرنا ۔ دلیل ہے کہ اس نے نبی پاک کو دل نہیں دیا ۔ اگر دل دیا ہوتا تو نبی پاک کے گلی کے کتوں
کے پاؤں چومتا ۔ ہاتھ چومنے کا مسئلہ باب الحج ۔ حجر اسود چومنے کا ۔ امام عسقلانی ۔ امام
عینی ۔ دو بڑے محدث ہیں ۔ ہر وہ چیز جو قابل تعظیم ہے اس کا چومنا جائز ہے ۔ قرآن کا چومنا ۔
قرآن کا چومنا کہاں ہے ۔ ایک حدیث ایک آیت چومنے کی نکالو ۔ نبی پاک کے نام کا چومنا نہیں آیا

تو قرآن کا چومنا کہاں ہے۔ بخاری کا چومنا کہاں ہے۔ علماء بیٹھے ہیں۔ کراچی صدر شہر ہے پاکستان کا
کوئی وہابی دیوبندی لے آئے حدیث پاک۔ قرآن کو چومنے والا مشرک نہیں ——— یہی پاک
کے نام کے ساتھ عداوت ہے۔ جو یہ حدیث لائے تقبیل القرآن۔ حضور کے زمانے میں
کتابی شکل قرآن کی نہ تھی۔ ماں کا قدم۔ باپ کا قدم۔ پیر کا قدم۔ حدیث کا چومنا۔ قرآن کا
کا چومنا۔ تقبیل و قبور صالحین جائز — فتح الباری شرح بخاری۔ وہابی لوگ گمراہ کریں۔
عینی شرح بخاری۔ فتح الباری شرح بخاری۔ امام عسقلانی جو ایک لاکھ حدیث کا حافظ ہے۔
اولیاء کاملین کی قبروں کا چومنا بھی جائز ہے ——— غلط ثابت کردیں ایک ہزار بیس ہزار انعام
کرائیں۔ نہ ماننے والوں کا کوئی علاج نہیں۔ جو ابو جہل سے لے کر آج تک چلی آرہی ہے —o—
(روح البیان تفسیر قرآن — پ۲۲ احزاب۔ ان اللہ وملٰئکتہ ——— علی النبی = جلد ۷)

—o—

Abbas

۶—۴—۲۰۱۴ ۵—۲۱—۳۲
۴—۳—۱۴۳۵ (PM) (بدھ)

—o—

کتنے نگر سا ہیں پانچ مدینے کے پھول ——— کربلا نگر کی قسمت پر لاکھوں سلام۔ (1)
جن کے ٹکڑوں سے پلے سارا جہاں ——— اس سخی کی سخاوت پہ لاکھوں سلام۔ (2)
(3)

—o—

واقعہ کربلا (ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی)

الحمد للہ ـــــ ان اللہ اشتری من المؤمنین ـــــ الجنۃ ۔

اسلام کی متاع کو بچایا حسینؓ نے — اپنے لہو کا پہرہ بٹھایا حسینؓ نے
ہے حشر تک وہ ملت درسِ آبرو — جو خاک کربلا پہ پڑھایا حسینؓ نے
ہے آج بھی وہ مسجد و منبر کی روشنی — دیا جو حرم میں جلایا حسینؓ نے
ہے آج بھی یزیدیت ماتم میں مضطرب — ایسا نشان عبرت بنایا حسینؓ نے
ہر لمحہ لاکھوں سجدے ہیں پروردگار کو — لیکن انوکھا سجدہ نبھایا حسینؓ نے
تا دیر رہتی خیالوں میں آصف کے کربلا — تب خاک کربلا پہ جلایا حسینؓ نے

اللہ تبارک وتعالیٰ جل جلالہ وعم نوالہ واتم برھانہٗ واعظم شانہٗ کی حمد وثنا اور حضور سرورِ کائنات فخرِ موجودات ۔ زینتِ بزمِ کائنات دستگیرِ جہاں ۔ غم گسارِ جہاں ۔ سید سروراں حامی بیکساں ۔ قائد المرسلین ۔ ختم النبیین ۔ احمد مجتبیٰ ۔ جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دربار گوہر بار میں ہدیۂ درود وسلام عرض کرنے کے بعد ـــــ زِیْدَ مَجْدُہٗ ۔ اللہ تعالیٰ ہر انسان کو اپنی نوازشات سے نوازتا ہے ۔ اس کے کرم کے پھول ہر لمحہ انسان پر برستے رہتے ہیں ۔ ایک آن میں اس کی جتنی نعمتیں بندہ مومن کے لیے اترتی ہیں ۔ انسان کی کروڑ سال کی زندگی ہو ۔ پھر وہ ایک لمحہ کے احسانات کو گن نہیں سکتا ۔ ان کا شکر ادا کرنا ۔ اور کما حقہٗ حق ادا کرنا ۔ یہ بڑی دور کی بات ہے ۔ رب ذوالجلال نے یہ پوری انسانی زندگی اور اس کے ہمہ جہت تسلسل کو آزمائشوں اور امتحانات سے بھر رکھا ہے ۔ خالقِ کائنات جل جلالہ جس کو جتنا بڑا منصب دیتا ہے ۔ اس کا اتنا ہی بڑا امتحان لیتا ہے ۔ اور جس کا جتنا بڑا امتحان لیتا ہے ۔ اس کو اتنا ہی بڑا انعام عطا فرماتا ہے ۔ خالقِ کائنات کی طرف سے یہ آزمائشیں انسانی زندگی کا حصہ ہیں ۔ ایک ہی چیز کے دو نام بن جاتے ہیں ۔ اگر کوئی انسان اللہ کا مجرم ہے باغی ہے ۔ اور سرکش ہے ۔ اس پر ایسے لمحات عذاب بن کے مسلط ہوتے ہیں ۔ اور کوئی شخص مقبول بارگاہ ہے خالقِ کائنات جل جلالہ کا مقرب ہے اس کے لیے یہ لمحات اس کی مزید سعادتوں کا سبب بن جاتے ہیں ۔ خلق الموت والحیوٰۃ ـــــ عملاً ۔ یہ پورا سلسلہ کائنات میں ۔ زندگی اور موت کا یہ آزمائشوں کا سلسلہ ہے ۔ خالقِ کائنات جل جلالہ آزمائش کرتا ہے ۔ اور اس کے مقاصد وہ نہیں جو ہمارے ہاں امتحانات کے ہوتے ہیں ۔ ہم کسی کا امتحان لیتے ہیں ۔ تو اس لیے

کر پتہ چل جائے۔ کہ اس کی صلاحیت کتنی ہے۔ اس نے کتنا سبق یاد کیا ہے۔ اس کا کس حد تک علمی مبلغ ہے۔ اور کتنا معیار اونچا ہے۔ امتحان کے بعد ہمیں پتہ چلتا ہے۔

لیکن رب کائنات تو سینوں میں سوئے ہوئے راز بھی جانتا ہے۔ اس کو روز ازل سب کچھ پتہ ہے تھا۔ کہ مستقبل میں کیا ہونے والا ہے۔ یہ تین زمانے تو ہمارے لئے ہیں۔ اس کے لئے تو حال ہی حال ہے۔ مستقبل بھی حال کی طرح ہے۔ ماضی بھی حال کی طرح ہے۔ اس کے باوجود وہ امتحان لیتا ہے۔ وہ نتیجہ اس امتحان دینے والے کی ولادت سے پہلے بھی جانتا ہے۔ اس کو خبر ہے کہ فلاں بندے میں کیسی صلاحیت ہے۔ اس میں فسق ہے یا تقویٰ ہے اس میں شجاعت ہے۔ یا بزدلی ہے۔ اس کے اندر فسق کے کانٹے ہیں۔ یا ایمان کے پھول ہیں خالق کائنات ازل سے جانتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود بھی امتحان لیتا ہے۔ تاکہ مخلوق کو ذرہ ذرہ کا پتہ چل جائے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کسی کا کوئی اعتراض باقی نہیں رہنے دیتا۔ اس کا ایک نظام عدل ہے۔ اس کے سب تقاضے پورے کرتا ہے۔ اگر وہ امتحان نہ لے۔ قیامت کے دن جب درجات کا اعلان ہو۔ تو ہو سکتا ہے ہر شخص امیدوار بن جائے۔ اے اللہ یہ جنت الفردوس کے بالا خانوں کا اتنا بڑا حصہ جو فلاں شخص کو دیا جا رہا ہے۔ اس کا مستحق تو میں ہوں۔ یہ میرا ہے۔ کوئی شخص دوسرا تقاضا کر سکتا ہے۔ اے اللہ یہ جنت کی سرداری کی جو سیٹ ہے یہ تو مجھے ملنی چاہئے۔ یہ کسی اور کو کیوں دی جا رہی ہے۔ خالق کائنات آزمائش میں ڈالتا ہے۔ امتحان لیتا ہے۔ تاکہ لوگوں کو پتہ چل جائے جس کا جتنا بڑا امتحان ہوتا ہے۔ اس کا اتنا بڑا ہی انعام ہوتا ہے۔ جنت کی سرداری کی سیٹ اسے ملے گی جو کربلا کا امتحان پاس کرنے والا ہوگا ـــــ خالق کائنات ازل سے جانتا تھا۔ کہ حضرت امام حسینؑ اور ان کے رفقاء کس شجاعت کے مالک ہیں۔ کتنا حوصلہ ہے۔ کتنا صبر ہے۔ کس قدر استقامت ہے۔ وہ کس قدر تسلیم ورضا کے پیکر ہیں۔ لیکن اللہ مخلوق پر اس بات کو واضح کرنا چاہتا ہے۔ کہ دیکھو میں تو جانتا تھا۔ لیکن میں نے پوری کائنات کو دکھا دیا ہے۔ زمین نے بھی دیکھا۔ آسمانوں نے بھی دیکھا۔ صحراء کے ذرات نے دیکھا۔ ہواؤں کے سناٹوں نے دیکھا۔ گھوڑوں کی آواز نے دیکھا۔ برستے تیروں نے دیکھا۔ چاروں طرف سے کانٹوں نے گھیرا ہوا تھا۔ پھر بھی کھلا ہوا تھا۔ عجیب خوش مزاج تھا کہ خالق کائنات امتحان لیتا ہے۔ تاکہ فرشتوں کو پتہ

چل جائے۔ اور تاکہ انسانوں کو پتہ چل جائے تاکہ وہ پوری مخلوق جو انسان کی خدمت پر لگی ہوئی ہے۔ اسے پتہ چل جائے۔ کہ میرا مخدوم کیا کر رہا ہے۔ کائنات کا ہر ذرہ۔ انسان کی خدمت میں ہے۔ یہ آسمان یہ زمین نباتات ہوں۔ جمادات ہوں۔ حیوانات ہوں۔ ہر چیز انسان کے لئے ہے۔ ہر چیز اپنی ڈیوٹی میں ہے۔ اللہ انہیں بھی بتانا چاہتا ہے۔ کہ جس کی خدمت کر رہے ہو وہ دیکھو میری خدمت کیسے کرتا ہے۔

لا الشمس ینبغی ——— یہ سورج آسمان پہ آتا ہے۔ تو وقت پر جاتا ہے۔ تو وقت پر اللہ کا کہنا مانتا ہے۔ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ سورج کے جانے کا وقت ہو۔ اور کہہ دے کہ میں نہیں جاؤں گا۔ چاند کے آنے کا وقت ہو۔ غافل ہو جائے کہ میں نہیں آؤں گا۔ رات دن کا راستہ روک لے۔ دن رات کا راستہ روک لے۔ نہیں نہیں۔ فرمایا ہر ایک اپنے اپنے مدار میں حرکت کر رہے ہیں۔ یہ ساری کائنات جو اپنے نظام میں لگی ہوئی ہے۔ بندیا کو دعوت فکر دیتی ہے۔ کہ بندے میں اللہ کی ڈیوٹی میں مصروف ہوں۔ تو بتا تو کیا کر رہا ہے۔

زمین سبزہ اگاتی ہے۔ اس کی اپنی قربانی ہوتی ہے۔ اس کی صلاحیت خرچ ہوتی ہے۔ اس لئے تو مسلسل جب فصلیں اگتی ہیں۔ زمین بانجھ ہو جاتی ہے۔ زمین قربانی کرتی ہے۔ تو نباتات جنم لیتے ہیں۔ نباتات بھی قربانی دیتے ہیں۔ کچھ تو براہ راست انسان کے لئے قربانی ہو جاتے ہیں۔ اور کچھ حیوان کے لئے قربان ہوتے ہیں۔ اور حیوان پھر انسان کے لئے قربان ہو جاتے ہیں۔ نباتات جمادات حیوانات یہ قربانی کا ایک تسلسل ہے۔ جو انسان کے لئے ہر وقت دینی قربانی کی پیشکش کر کے یہ انتظار میں کرتے ہیں۔ انسان تو مخدوم بنا بیٹھا ہے۔ بیچاروں کی قربانی کو لے رہا ہے۔ اپنی قربانی بھی تو دکھا دے۔ کربلا کے میدان میں حضرت امام حسین نے کائنات کے ہر ذرے کو جواب دے دیا۔ اگر تم نے خدمت انسان کی ہے۔ تو انسان خدمت الحق میں مصروف ہے۔

رسول اکرم نور مجسم ﷺ سے پوچھا گیا۔ اَیُّ النَّاسِ اَشَدُّ بَلَاءً سب سے سخت امتحان کس کا ہوتا ہے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ الانبیاء۔ جامع ترمذی کی حدیث ہے۔ فرمایا سب سے سخت امتحان اللہ کے پیغمبروں کا ہوتا ہے۔ اس واسطے کہ اللہ کی مخلوق میں ان کو کوئی برا نہیں۔ تو ان کا امتحان بھی اس لیول کا ہے۔ ثُمَّ الْاَمْثَلُ۔ پھر اس کے بعد

جس کا درجہ ہے۔ اس کا اس کے بعد امتحان ہے، جس کا مزید نیچے درجہ ہے۔ اس کا مزید نیچے
امتحان ہے۔ رشتہ کا کر دل ملی قسمت دیتے ہیں۔ میرے محبوب علیہ السلام نے ایک معیار بیان
کر دیا۔ دنیا میں بندے کا امتحان اس کے دین کے معیار سے ہوتا ہے۔ جس کا دین مضبوط ہوتا ہے
اس کا امتحان سخت ہوتا ہے، جس کا دین کچا ہوتا ہے۔ اس کا امتحان کمزور ہوتا ہے۔
جس کو اللہ زیادہ آزمائشوں میں ڈال رہا ہے۔ اور وہ صبر کر رہا ہے۔ خالق کائنات اس کو زیادہ
درجات عطا فرما رہا ہے۔ یہ بات اس لئے سمجھنا ضروری ہے۔ کچھ لوگ کہتے ہیں اگر اتنے ہی پیارے
تھے۔ نواسہ کا ایسا کیوں ہوا۔ اگر اتنے پیارے تھے تو بھوک میں ان کا کیوں گیا۔ اتنے ہی پیارے تھے تو
تو ان پر تیر چلے خون بہتا رہا۔ ان کی مدد کیوں نہیں کی گئی۔ اصل میں معاملہ مدد کرنے یا نہ کرنے کا
نہیں ہے۔ یہ محبت عشق کا دستور نرالا دیکھا۔
یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کو خالق کائنات روز ازل سے منتخب کر لیتا ہے۔ آزمائش کے لئے دعائیں
کرتے۔ لیکن آ جائے تو پھر رخصت کی اپیل نہیں کرتے۔ خالق کائنات نے جب منتخب کر لیا۔ پھر
بڑے منصب کی عطا کر دیا۔ لہٰذا جرأت استقامت سے آگے بڑھے ہیں۔ سر تسلیم خم رکھا ہے
ایک لمحہ بھی حرف شکایت زبان پر نہیں آیا۔ اور اپنی جانیں اپنے خالق کے سپرد کر دیں
خالق کائنات ارشاد فرما رہا ہے۔ ولنبلونکم بشیء ——— ہم تجھے آزمائیں
گے۔ تھوڑا سا خوف دے کر۔ والجوع اور تھوڑی سی بھوک دے کر۔ ونقص من الاموال والانفس
والثمرات۔ اور نقصان دے کر جان کا مال کا۔ اور پھلوں کی قربانی کا۔ وبشر الصابرین۔ اور میرے
محبوب امتحان کو ہم مستقبل میں لے گئے۔ لیکن آپ ابھی صبر کرنے والوں کو بشارت عطا فرما دو۔
قرآن مجید کی اس آیت کے اندر اللہ نے چند سوالات کا ذکر کیا۔ انسان کی ایک فطرت ہے۔
جس وقت امن سکون میں بیٹھا ہو۔ نعمتیں مل رہی ہوں۔ اگرچہ وہ کوئی منعم مجازی ہی ہو۔
اس کا بھی شکر کرتا ہے۔ اس کی بڑی تعریف کرتا ہے۔ لیکن جب غم کے کانٹے چبھتے ہیں۔ تو یہ
فطرت ہے۔ کہ انسان مجبور ہو جاتا ہے۔ تو خالق کائنات فرما رہا ہے۔ ہم تجھے آزمائیں گے۔ جن
پر امن کے سمندر برس رہے ہیں۔ جن کے اردگرد خوشبوؤں کی ریل پیل ہے۔ جن کی طرف مسرتوں
کا چراغاں ہے۔ اے بندو۔ اس سے کام پورا نہیں ہوگا۔ ہم تجھے آزمائش میں ڈالیں گے۔ آزمائش
میں رکھ کے ہم دیکھیں گے۔ ہم جانتے ہیں۔ تم کیا کرو گے۔ لیکن ہم تو کسی کو بتانا چاہتے ہیں۔ ہم تجھے

آزمائیں گے۔ بھوک دے کر، پیاس دے کر، اور مختلف نقصان دے کر، مختلف درد اور زخم دے کر۔ مختلف قربانیوں سے ہم تجھے آزمائیں گے۔ یہ آزمائش کا سلسلہ جاری رہا۔ کہیں ایک امتحان تھا۔ کہیں دو امتحان تھے۔ کہیں تین امتحان تھے۔ کسی جنگ کے اندر مسلم امہ کے لشکر لڑ رہے ہیں۔ ان کے گھر محفوظ ہیں۔ کوئی قربانی دے رہے ہیں۔ ان کے بچے محفوظ ہیں۔ کوئی اگر تعداد میں تھوڑے سے ہیں تو ان کا وطن اپنا ہے۔ اگر دشمن کا رعب زیادہ ہے۔ ان کے پاس کھانے پینے کے لئے سب کچھ موجود ہے۔ کربلا کا کمرہ امتحان وہ کمرہ امتحان تھا جس نے بیک وقت ان ساری آزمائشوں کو اکٹھا کر دیا ہیں۔ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شان یہ ہے کہ ہر امتحان کو سو فیصد نمبروں سے زائد امتیاز سے پاس کر لیا ہے۔

ہم تجھے آزمائیں گے۔ جس آزمائش کا وعدہ کیا جا رہا تھا۔ کربلا میں اس کے سارے تقاضوں کو پورا کر دیا گیا۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں جن لوگوں نے جہاد میں حصہ لیا۔ بعد والے اس عظمت کو نہیں پا سکتے۔ لوگوں نے حضرت عبداللہ بن مبارک سے پوچھا تھا۔ کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز افضل ہیں یا سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ افضل ہیں۔ تو حضرت عبداللہ بن مبارک کہنے لگے۔ تم کیا تقابل پوچھتے ہو۔ سیدنا امیر معاویہ رض جس گھوڑے پر بیٹھ کر رسول ص کی قیادت میں جہاد کے لئے جاتے تھے۔ اس گھوڑے کی ناک میں جو غبار پڑتا تھا۔ وہ بھی عمر بن عبدالعزیز سے افضل ہے یہ اپنی جگہ طے شدہ حقیقت ہے۔ ان ذوات کی عظمت اپنی جگہ ہیں۔ لیکن میں اس لحاظ سے اس بات کو بیان کر رہا ہوں گا۔ کہ یہاں آزمائشیں کتنی زیادہ ہیں۔ گھر سے دوری ہے۔ غربت، اجنبیت ہے۔ پردیس ہے۔ اور رسول اکرم ص کا نواسا ہے۔ موت الغریب شہادۃ اگر پردیس میں کوئی بیمار ہو جائے اور پردیس میں وہ جنگ کے علاوہ فوت ہو جائے۔ وہ بھی شہید ہو جاتا ہے۔ یہ گھر سے دوری ہے۔ پانی بند ہے۔ مختلف مصائب ہیں۔ ہر طرف موت منہ کھولے کھڑی ہے۔ اور بیٹوں کی قربانیاں ہیں۔ جگر پاروں کی قربانیاں ہیں۔ اور پھر اپنی قربانی ہے۔ سب کچھ ہو گیا ہے۔ حضرت امام حسین رض نے صبر کے تقاضے پورے کئے ہیں۔ اور محبوب علیہ السلام کی طرف سے بشارتوں کے مستحق قرار پائے ہیں۔

حضرت سیدنا امام حسین رض آپ کو کچھ چیزیں انفرادی عطا ہو گئیں۔ یہ پہلے ہی جنتی عظمتوں کے پیکر تھے۔ ان کا انکار نہیں ہے۔ لیکن جب نبی اکرم ص کے وصال کا وقت قریب

تھا۔ سیدہ فاطمۃ الزاہرا آ گئیں۔ درجنوں مآخذ میں یہ حدیث شریف موجود ہے۔ کہتی ہیں
"ھٰذان ابنَاکَ فَوَرِّثْھُمَا شَیْئًا" ابا جی یہ دونوں آپ کے شہزادے ہیں۔ ان دونوں کو کچھ
وراثت عطا فرما دیں۔ سیدہ فاطمہؓ مانگنے آئی ہیں۔ اور درگاہ نبوت سے مانگ رہی ہیں۔ تو وہ
کوئی سونے چاندی کا سوال نہیں تھا۔ میرے محبوب علیہ السلام اعلان فرما چکے تھے۔ نحن الانبیاء
لا نُوَرِّثُ ولا نُوَرَّثُ۔ ہم انبیائے کرام کا ورثہ سونا چاندی نہیں ہوتا تھا۔ ترکنٰہ صدقۃ۔ جو
ہم چھوڑتے ہیں۔ وہ صدقہ بن جاتا ہے۔ ہمارا ورثہ ہماری نبوت کی روشنی ہے۔ ہماری نبوت کا
فیض ہے۔ ہمارے دین کا چراغاں ہے۔ یہ ہمارا ورثہ ہے۔ آج سیدہ فاطمہؓ محبوب علیہ السلام کے پاس
مانگنے آ گئی ہیں۔ وہ جانتی ہیں کہ کیا مانگ رہی ہوں۔ اور محبوب علیہ السلام جانتے ہیں۔ کہ ان کو
کیا عطا فرمانا چاہیے۔ یہ وہ بارگاہ ہے۔ جہاں تو کوئی اجنبی مانگنے آ جائے۔ تو بے بسی سے
تاجدار بنتے ہیں۔ میرا رب ہے سے گرفتار ہے۔ آج وہ مانگنے آئی ہے
جس کو جگر کا ٹکڑا فرمایا ہے۔ انہوں نے سوال کیا۔ تو کتنا دیا ہو گا۔ اندازہ کیا ہو گا۔ معیار کتنا بڑا
ہو گا۔ اس کو سمجھنے کے لیے۔ پہلے یہ تو ذہن میں رکھو۔ ان کے ہاتھوں میں آتا کتنا ہے۔ ایک ہتھیلی میں
کیا سماتا ہے۔ چلو بھر میں تو کتنا بڑا ہوتا ہے۔ اور پھر ان کا خزانہ کتنا بڑا ہے۔ صحیح بخاری کی حدیث
ہے۔ میرے محبوب علیہ السلام مدینے شریف میں کھڑے ہیں۔ نماز کی امامت فرما رہے ہیں۔ جماعت
کرا رہے۔ ہاتھ اونچا کیا۔ پھر نیچے کر لیا۔ قدم آگے بڑھائے۔ پھر پیچھے ہٹا لیے۔ صحابہ کرام نے نماز
کے بعد پوچھا۔ یا رسول اللہ ہم نے آج کچھ دیکھا ہے۔ یوں لگتا تھا۔ کوئی چیز پکڑ رہے ہو۔ پھر کچھ بھی
نہیں پکڑا۔ قدم آگے بڑھائے تھے۔ پھر پیچھے ہٹا لیے۔ اس سے پہلے نماز میں یہ معاملہ نہیں ہوتا تھا۔ آج
کیا ماجرا تھا۔ میرے محبوب علیہ السلام فرمانے لگے میرے صحابہ جب میں نے ہاتھ بلند کیا تھا۔ تو میں جنت کا گچھا
توڑنے والا تھا۔ میں جنت کا پھل توڑنے والا تھا۔ کوئی مانع حجاب درمیان میں موجود نہیں تھا۔ گچھا میرے
ہاتھ کے اندر آ چکا تھا۔ مگر مجھے یہ خیال آ گیا۔ کہ ایمان بالغیب کی بڑی فضیلت ہے۔ اللہ نے جنت کو
چھپایا ہوا ہے۔ ایمان کی خاطر اگر میں نے گچھا ظاہر کر دیا۔ تو یہ حکمت کے کہیں تقاضوں کے خلاف
نہ ہو۔ لہٰذا میرے صحابہ اگر وہ ہاتھ لگ رہا تو آ جاتا۔ مگر میں نے توڑا نہیں ہے۔ تاکہ ایمان بالغیب کی فضیلت
برقرار رہے۔ کیسا مقام ہے۔ یہ بات بھی قابل غور ہے۔ ہمارا بیان سیرت بیان کرنا کا ایک انداز یہ ہے
کہ لوگ جب جنت پر گردان مکمل کر دیں۔ کہ ان کے پاس دو ہاتھ ہیں ہمارے بھی دو ہاتھ ہیں۔ ان کے بھی دو قدم

تھے۔ ہمارے بس دو قدم ہیں۔ تو کیسے ممکن ہے کہ یہ سیرت کا بیان ہو گیا ہے کہ میں کتنا ہوں کہ سیرت پوشیدہ ہیں۔ کہ کتنے جامع
ان کے پاؤں کتنے بڑے ہیں۔ سیرت یہ ہے کہ پتا چل جائے۔ کہ پاؤں کتنا ہے اور پہنچا کہاں تک ہے۔ بخاری
شریف میں ہے کہ کھڑے تو مدینہ شریف میں ہیں۔ زمین سے لے کر آسمان تک پانچ سو سال کا سفر ہے۔
ہر آسمان کے اندر پانچ سو سال کا سفر ہے۔ ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک پانچ سو سال کا
سفر ہے۔ سات آسمانوں سے پار جنت ہے۔ پھر اس کی بلندی ہے۔ پھر اس کا باغ ہے۔ پھر اس کا محل
ہے۔ یہ میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا قدم مبارک ہے۔ اور پاؤں کی بلندی ہے کہ مدینہ شریف میں کھڑے ہیں۔
مگر پاؤں فردوس کے باغ تک پہنچا ہے۔

———— • ————

پھر بیان کیا۔ میرے صحابہ میں نے پھل توڑا نہیں۔ میرے ہاتھ کے اندر جو گچھا آ گیا تھا۔ میرا ہاتھ محیط تھا
ہاتھ کے اندر آ گیا تھا۔ وہ کتنا تھا۔ وہ گچھا اتنا بڑا تھا۔ اگر قیامت تک انسان کھاتے رہیں گے۔ پھر بھی میرا ایک
گچھا ختم نہ ہوتا ———— جن کا ایک گچھا اتنا ہے۔ تو چلو کتنا بڑا ہوگا۔ جن کا چلو اتنا بڑا
ہے۔ ان کا خزانہ کتنا بڑا ہوگا۔ اور فرمایا اوتیت مفاتیح خزائن الارض۔ مجھے تو اللہ نے زمین کے سارے
خزانوں کی چابیاں دے دی ہیں۔ آج ان کی بارگاہ میں۔ حضرت فاطمہ الزہرا ادب سے مانگنے آئی ہیں اور
حبیب علیہ السلام عطا فرمانے لگے ہیں۔ اب تصور کر لیا کیا کچھ عطا فرمایا ہوگا؛

(B) حضور نے فرمایا مجھے پانچ چیزیں عطا کی ہیں۔ ایک ماہ کی مسافت پہ دشمن کو خوف سے ڈرایا۔
جو دکھتا چھوڑے ہوتا ہیں۔ کہ جب اب میرے پاؤں کو یہاں کے پیچھے بیٹھے ہوں گا۔ اللہ نے میری مدد خصوصی رعب
سے فرمائی ہے کہ جتنا مجھے رعب دیا ہے اتنا اللہ نے کسی نبی کو رعب نہیں دیا۔

اس رعب کے بارے میں فرمایا۔ اے فاطمہ میں نے اپنے رعب کا ورثہ اپنے حسن کو دے دیا۔ میں نے اپنی
سرداری کا ورثہ بھی ان کو دیا۔ میرا یہ بیٹا سرداروں کا کام کرے گا۔ یہ قائد ہوگا رہبر ہوگا۔ لیڈر رہے گا۔
بلکہ ایک شام پھر تو مسجد نبوی شریف میں خطبہ دے رہے ہو گے۔ اتنا عجیب انداز تھا۔ حضرت امام حسن۔ کو ساتھ
لے کر منبر پر بٹھایا ہوا تھا۔ ایک لمحہ انہیں دیکھتے تھے۔ اور پھر مجمع عام کو دیکھتے تھے۔ اور اس دوران فرمایا ہے کہ
اِنَّ ابْنِی هٰذَا سَيِّدٌ۔ لوگو میرا یہ بیٹا سید ہے۔ میرا بیٹا لیڈر ہے۔ میرا یہ بیٹا سردار ہے۔ فرمایا ایک
وقت وہ آئے گا۔ جب میری امت میں تفرقہ ہو جائے گا۔ اختلاف ہو جائے گا۔ میرا یہ بیٹا امت کو ایک جھنڈا
کے نیچے جمع کرے گا۔ فرمایا میں نے ان کو ورثہ دے دیا ہے۔ اپنی ہیبت کا۔ اور اپنی سیادت کا۔ میں خود
مسلم دل تھی۔ امام الانبیاء ہوں۔ میں نے اپنا سرداری کا تحفہ اپنے حسن کو دے دیا ہے۔ حضرت امام حسن کی

جو ورثہ پایا تھا۔ چشم فلک گواہ ہے۔ انہوں نے اس کا حق ادا کر دیا۔ جس وقت امت میں اختلاف ہو چکا تھا۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر کے اس بات کو ثابت کر دیا کہ جیسے نانا جی نے سخاوت بعد اتحاد کا ورثہ عطا فرمایا ہے۔

دوسری طرف فرمایا حسین، فلہ جرأتی وجودی۔ اے فاطمہ میں اپنے حسین کو بھی دو چیزوں کا ورثہ دیا ہے۔ ایک ورثہ ہے جرأت کا ہے۔ دوسرا ورثہ ہے جود کا۔ میں خود جری ہوں۔ میری جرأت زمانے میں معروف ہے۔ اور یہی وجہ تھا۔ جب حنین کے میدان میں صحابہ کے پاؤں اکھڑ گئے ہو گئے تھے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خچر پر بیٹھے اکیلے دشمن کی طرف بڑھ رہے تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ خچر کی لگام کو کھینچ کے روکنے کی کوشش کرتے رہے۔ تو میرے محبوب علیہ السلام نعرہ لگا رہے تھے۔ انا النبی لا کذب انا ابن عبد المطلب میں نبی ہوں۔ میں کوئی جھوٹا نہیں ہوں۔ میں عبد المطلب کا بیٹا ہوں۔ ان کافروں کو بھگانے کے لیے میں اکیلا کافی ہوں۔

میں نے امام حسین کو اپنی جرأت کا ورثہ دے دیا ہے۔ اور میں نے ان کو اپنی جود کا سخاوت کا ورثہ دے دیا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بیٹے کو جو حصہ دیا تھا چشم فلک گواہ ہے۔ امام حسین رضی اللہ عنہ نے اس ورثے کی وراثت کا کربلا میں حق پورا کر دیا۔

حضرت امام حسن کو اپنی تربیت میں رکھا۔ اور اس انداز سے تربیت فرمائی کہ جب درس قرآن جاری تھا۔ فہم حدیث کا کورس جاری تھا۔ جب ولایت اور معرفت کے جام پلائے جا رہے تھے۔ اور جس وقت شریعت و طریقت کے لحاظ سے ان کو ماہر بنایا جا رہا تھا۔ اس قدر کس اہتمام ہوگا۔ کتنی برکت کا نزول ہوگا۔ کیا سائبان کرم لگا ہوگا۔ اس کا اندازہ یوں لگایا جا سکتا ہے جب یہ شہزادے کشتی کرتے تھے۔ (۱) عرش سے جبرائیل داد دینے کو آتے تھے۔ جن کے تفریح وقت کا اندازہ یہ ہے۔ اللہ نے ان کے لیے کتنا بڑا اہتمام فرمایا ہوگا۔ سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا تشریف فرما ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود موجود ہیں۔ حضرت امام حسن۔ حضرت امام حسین کے درمیان کشتی جاری ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھوڑی دیر کے بعد فرماتے ہیں۔ ھیّی حسن۔ جس کا معنی تھا شاباش حسن۔ چلے حسن۔ جس وقت یہ داد دی ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد پھر بولے ہیں۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا عرض کرنے لگیں ابا جی اگر داد دینا مقصود ہے۔ دونوں کو دو۔ یا پھر دونوں کی باری خاموش ہو جاؤ۔۔ ایک کے لیے بولتے ہو۔ اور دوسرے کے لیے خاموشی ہے۔ ھیّی حسن کہتے ہو۔ تو پھر ھیّی حسین بھی کہو۔ تو آپ نے فرمایا

کی حوصلہ افزائی برابر ہو جائے۔ تو پھر محبوب علیہ السلام فرمانے لگے۔ فاطمہ تمہیں خبر نہیں۔ میں اِن کو ہی حسن کیوں کہتا ہوں۔ ابھی جبریل یہ کہہ کر گئے تھے کہ حسین ہے۔ کیونکہ حضرت جبریل علیہ السلام بھی حسین کہتے ہیں۔ تو میں بھی حسین کہہ رہا ہوں۔

یہ خصوصی نوازشات جن شہزادگان کے لیے تھیں۔ اپنے امتحان ان کے اسی معیار کے مطابق تھے۔ اور جو تفسیر قرآن مجید کی سینوں میں محفوظ تھی۔ حضرت امام حسینؓ نے اپنے خون کے ساتھ کربلا کی دھرتی پر اس تفسیر کو رقم کر دیا۔ اور ہمیشہ کے لیے مضمون قرآن کو اپنے سینوں کے اندر محفوظ فرما دیا۔ جس وقت حضرت امام حسینؓ یزید کے خلاف خروج کے لیے نکلے۔ آج لوگوں نے مختلف تبصرے ہیں اور اپنی بنائی ہوئی بہت سی داستانیں ہیں۔ تاریخ طبری میں حضرت امام حسینؓ کی تقریر موجود ہے۔ وہ نکلے تھے تو کیوں نکلے تھے مقاصد کیا تھے۔ پیش نظر کیا تھا۔ آج لوگ کہتے ہیں اقتدار اور کرسی کے لیے جا رہے تھے۔ رب کعبہ کی قسم ہے۔ کروڑوں کرسیاں ان کی جوتیوں کی غبار پہ قربان کی جا سکتی ہیں۔ وہ اقتدار خود نہیں چاہتے تھے۔ نانا جی کے دین کو اقتدار دلانا چاہتے تھے۔ اور اس عزم کے ساتھ نکلے ہیں۔ اس کا اظہار فرما رہے تھے۔

إِنَّ هٰؤُلَاءِ قَدْ لَزِمُوا طَاعَةَ الشَّيْطَانِ وَتَرَكُوا طَاعَةَ الرَّحْمٰنِ وَأَتْلَفُوا الْحُدُودَ وَأَظْهَرُوا الْفَسَادَ وَتَسَحَّرُوا بِالْخَمْرِ ۝ یہ الفاظ مبارک ہیں۔ آج کی اس اجتماع کا حضرت امام حسینؓ جب عزیمتوں کا سفر کر رہے تھے آپ کی ہر ہر سانس خوشبوؤں سے معطر تھی۔ اس وقت یہ جملے آپ کی زبان سے نکل رہے تھے۔ فرمایا لوگو! غلط فہمی کا شکار نہ ہو جانا میں راہ کربلا کی طرف سوچ سمجھ کے نکلا ہوں۔ مجھے خبر ہے۔ اس راستے میں کتنی آزمائشیں ہوں گی۔ کتنے کانٹے چبھیں گے مگر میرے سامنے اتنا بڑا مقصد ہے۔ اس یزید اور اس کے گروہ نے اللہ کی بندگی کو چھوڑ دیا ہے۔ اور شیطان کی بندگی شروع کر دی ہے۔ اس نے حدود کو معطل کیا۔ عرب میں اور اسلامی دنیا میں اس نے ہر طرف فساد برپا کر دیا ہے۔ اور جو مال غنیمت ہے۔ اس کا ناجائز استعمال کر رہا ہے۔ وہ حدود اسلام اور شریعت کی جن کو آباد کرنے کے لیے میرے نانا جی طائف کے بازار میں پتھر کھاتے تھے۔ خون نکلا تھا بدر و حنین کے معرکے جن حدود کو آباد کرنے کے لیے منعقد ہوئے تھے۔ آج یزید ان کو پامال کرنا چاہتا ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ میں حجرے میں بیٹھا رہوں۔ اور حدود کو گرایا جاتا رہے۔ میں نکل کے اپنی جان

اور اس کے حدود اسلامی کو ہمیشہ قائم کر دوں گا۔

یہ مقصد تھا جس کا واضح طور پر بیان کیا۔ اور اس کے علاوہ آپ کے جتنے بھی خطبات طبقات ابن سعد میں۔ یا بدایہ والنہایہ میں ہیں۔ یا سیر الاعلام والنبلاء۔ یا تہذیب الکمال میں ہیں یا مروج الذہب میں ہیں۔ یا ابن اثیر الکامل میں ہیں۔ یا اسد الغابہ، یا الاصابہ میں ہیں۔ ہر طرف آپ کے یہ شواہد موجود ہیں۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود اپنے اختیار کے ساتھ جرأت اور استقامت کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔ کسی سے کوئی بھیک نہیں مانگی۔ اپنی زندگی وار کے ہمیشہ کے لئے دین کو زندگی عطا کر دی ہے۔۔۔

یہی وجہ تھی جب قریب کربلا میں پہنچے تھے۔ جب حضرت حر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا تھا کہ حسین تم آگے بڑھ رہے ہو۔ دیکھو تو سہی چار ہزار فوج ہے۔ اتنے لوگوں کا مقابلہ کیسے کر سکو گے۔ موت منہ کھولے کھڑی ہے۔ عافیت اسی میں ہے۔ راستہ بدل جاؤ۔ یہاں سے واپس چلے جاؤ۔ حضرت امام حسینؓ نے کہا أَفَبِالْمَوْتِ تُخَوِّفُنِي۔ اے حر کیا تو موت سے مجھے ڈرا رہا ہے۔ تمنا سے وہ ہے تو مجھے کب موت سے ڈراتا ہے۔ اگر موت سے کوئی بڑی چیز ہے۔ تو وہ پیش کرو۔ موت تم میرے لئے رکھتے ہو۔ موت کی میرے سامنے کوئی حیثیت نہیں ہے۔ حر میں آج تمہیں وہی لفظ اور وہی نغمہ سناتا ہوں۔ جو میرے نانا جی کے شیر دل صحابہ لگاتے تھے۔ مدینہ شریف سے جب لشکر نکلا تھا۔ ایک دشمن کا بھائی سامنے سے آگیا۔ اس نے کہا بھائی گھر چلو۔ یہ لوگ جتنے جا رہے ہیں۔ ان میں سے صحیح کوئی بھی واپس نہیں آئے گا۔ یہ سارے موت کے دیوانے ہیں۔ اور تم اپنے آپ کو کیوں ہلاک کرنا چاہتے ہو۔ تو وہ صحابہ جن کا حوصلہ بلند عزم یہ تھا۔ ہے

شراب عشق احمد میں ایسی کیف و مستی ہے۔
کہ جانی دے کر میں ایک دو بوند مل جائے اور مستی ہائے۔

ان میں سے ہر ایک کی سانس نعرے لگا رہی تھی۔ وہ صحابی جو اس وقت انہوں نے جواب دیا تھا۔ کربلا کے حر کو امام حسین نے وہی جواب دے دیا ــــــ فرمایا میں گزر جاؤں گا۔ آگے بڑھوں گا۔ پیچھے نہیں ہٹوں گا۔ آگے جاؤں گا۔ فرمایا کبھی جوان کو موت سے شرم نہیں آتی۔ میں کیسے ہٹ سکتا ہوں۔ میں کیسے شرما سکتا ہوں۔ تم موت پیش کرتے ہو۔ میں موت سے شرماتا نہیں ہوں۔ جب اسلامی شیر نکلا ہو۔ جہاد اسلامی کا جھنڈا ہاتھ میں ہو۔ نیت خیر کی ہو۔ وہ موت سے

ڈر کیسے سکتا ہے کہ زیاد میں جہادِ اسلامی کے لیے نکل آیا ہوں۔ جو کچھ بھی ہو جائے گا۔ اُسے قبول کروں گا
اللہ سے ایک لمحہ بھی شکایت نہیں کروں گا ــــــ

زیاد موت کو سمجھتا ہوں کہ کیا ہے۔ مگر مجھے اس سے شرم نہیں آتی۔ کیونکہ میرا مقصد پاک ہے۔ میرا جہادِ اسلامی ہے۔ جب میں اللہ کے لئے نکلا ہوں۔ جو کچھ بھی ہو جائے گا میرا رب مجھے خسارا نہیں ہونے دے گا۔ زیاد دو ہی راستے ہیں۔ یا تو کربلا جا کے میں پھر بھی سلامت رہوں گا۔ تو پھر زیاد سر اٹھا کے چلوں گا مجھے شرمندگی نہیں ہوگی۔ تیسرا کوئی پہلو نہیں ہے۔ یا تو میں کربلا میں لنگڑا کے بھی زندہ رہوں گا۔ یا شہید ہو جاؤں گا۔ زیاد اگر میں لنگڑا کے زندہ رہا۔ پھر مجھے ندامت نہیں ہوگی آج زندگی کا بھیک مانگ کے واپس چلا جاؤں سارا زندگی سر نہیں اٹھا سکوں گا۔ مجھے ایسی زندگی نہیں چاہیے۔ زیاد اس وقت موت کو سعادت سمجھ رہا ہوں۔ اور ظالموں کی مدد کر کے زندہ رہنے کو جرم سمجھتا ہوں۔ حسین کرم کرنے نکلا ہے۔ جرم کرنا نہیں نکلا ـــــ ان کے خیمے پہ جری لگا دینا اور اُن کے خیمے شعلوں کی نذر لگانا یہ اُن کا پیغام نہیں ہے یہ اُن کی شان نہیں ہے۔ یہ کیا پیغام دے رہے تھے۔ لوگو میری موت کو میری شکست نہ کہنا۔ میری موت کو عزیمت نہ کہنا۔ میری موت کو ہلاکت نہ کہنا۔ میں نے ہلاکت کو شکست دے دی ہے۔ لہٰذا میں جرم کبھی نہیں کروں گا۔ موت کے جام سے ازلی سعادتیں لے لوں گا۔ ـــــ اللہ سے شکوہ شکایت تو وہ کرے جس کا ہم پیشہ ہو۔ جس کے یہ معارف نہ ہوں۔ حضرت امام حسینؓ اپنی زبان سے اعلان کر رہے تھے۔ اگر میں شہید ہو گیا۔ یہ میرے لیے عیش ہے۔ مجھے تھوڑا سا بھی درد نہیں ہوگا۔

حضرت حرؓ بھی اس جملے کو سن کر امام حسینؓ کے کاروان میں شامل ہو گئے۔ امام حسینؓ نے بنی ہاشم ہی اسلام کا نوجوان نہیں ہے بلکہ میں نے ان کو اپنا جرأت کا وارث بنا دیا ہے۔ یہ اظہار ہو رہا تھا۔ جب موت ہر طرف منہ کھولے کھڑی تھی۔ اسی نہایت امتحان تھے۔ آزمائش ہی آزمائش تھی۔ حضرت امام حسینؓ نے معرفت خداوندی برداشت رہنے کیا۔ سر اٹھا کے آخری دم تک اظہار رحمت کیا ہے۔ اور عقیدہ کا اظہار کیا ہے۔ اور یہ پیغام دیا ہے۔ کہ یہ کبھی راہ حسینؓ پہ چلنے والو۔ یہ نہ سمجھنا۔ کہ شاید دشت میں درد ہو بندے کا یہ کام ہے۔ یہ سب کچھ برداشت کرنا ہے لئے نکل آئے۔ جو خالق اگر تلوار کے چلنے پر درد پیدا کر سکتا ہے۔ وہ درد کو روک بھی سکتا ہے۔ لہٰذا میرا رب مجھے درد نہیں ہونے دے گا۔ حضرت حسینؓ اپنے شوق کے سایہ تلوار کے سایے میں جام شہادت نوش کرنا نکلے تھے۔ ـــــ

جب حضرت حر ہمراہ ہو رہے تھے حسین یہ راستہ بڑا پر پیچ ہے۔ ہر طرف خاردار ہے۔ ہر طرف موت ہی موت ہے۔ یہ فضا بڑی گھٹن والی ہے۔ حضرت امام حسین سے اصرار کر رہے تھے کہ واپس پلٹ جاؤ۔ تو ہم حسین کربلا میں یہ نعرہ لگا رہے تھے۔ حر سن لے۔

پگھل جانا تو آتا ہے پھسل جانا نہیں آتا۔ ظلم کے خوف سے باطل سے مل جانا نہیں آتا۔
ہنس کے زخم کھا لیں گے جفا کے اپنے سینے میں مگر راہِ وفا سے قدم ہل جانا نہیں آتا۔
اگر سر جا گئے حق کی تمازت سے کیا غم ہے عزم کے خارزاروں میں کچل جانا نہیں آتا۔
پتہ ہے کربلا و دشت میں اتنے یزیدی ہیں۔ مگر عزم سے لے کے نکل جانا نہیں آتا۔
سمندر کا میں گزر دوں گا میرا یقین ہے

سیدنا امام حسینؓ جس شوق کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ وہ فلسفہ شہادت کو واضح کر رہا ہیں۔ شہادت میں تین سرگرمیاں ہیں۔ اور تین درجات ہیں۔ تین مراحل ہیں۔ پہلا مرحلہ شوقِ شہادت کا ہے اور دوسرا ذوقِ ملاقات کا ہے۔ اور تیسرا دائمی تسکین کا ہے۔ شہیدا اپنے شوق سے نکلا ہے۔ اس واسطے اس کو یہ ادراک ہے۔ اور بالخصوص سیدنا امام حسینؓ یہ جانتے ہیں کہ خالق کائنات نے مومن سے جان خرید لیا ہے۔ اور مومن کو بدلہ دے چکا ہے۔ اب اس نے اللہ کے سپرد اپنی جان کرنا ہے۔ اور شکر ادا کرتے ہوئے۔ کہ اے اللہ ہر ایک کی یہ قسمت نہیں ہے۔ کہ اس کی جان کو تو قبول فرمائے۔ میں شکر ادا کرتا ہوں۔ تو نے میری جان اپنی بارگاہ میں قبول فرما لیا ہے۔ ـــــــ ان اللہ اشتری ـــــــ بے شک اللہ نے خرید لیا مومنوں سے ان کی جانوں کو اور ان کے مالوں کو جنت کی قیمت دے کر خالق کائنات مومنوں سے ان کی جانوں کو خرید چکا ہے۔ لہٰذا حضرت امام حسینؓ اور دیگر شہدائے کرب و بلا اس شوق کے ساتھ اپنی قربانی کو پیش کر رہے تھے۔ اللہ نے ہم سے خریدا ہم نے اپنی جانوں کو بیچا۔ جنت کا عوض ہم نے لے لیا۔ اب یہ ہمارا فرض ہے۔ کہ ہم جانیں اس کے سپرد کر دیں۔

تجھے شاخ سے توڑیں زہے نصیب ترا۔ تڑپتے رہ گئے گلزار میں رقیب ترا۔

جتنی بڑی دکان ہوتی ہے۔ اتنا بڑا سودا ہوتا ہے۔ اللہ کے دربار میں ہر جان کا تو ریٹ ہی نہیں لگتا۔ یہ خاص جانیں ہیں۔ جنہیں اس نے خریدا ہے۔ لہٰذا شوقِ شہادت میں۔ شہید آگے بڑھ رہا ہے۔ کہ میں قیمت وصول کر چکا ہوں۔ اب اللہ کے سپرد کر رہا ہوں۔

کتنی لطافت ہے۔ اس آیت کریمہ میں۔ یہ بڑی قابل غور ہے۔ خالق کائنات نے یہ

نہیں لیا بلکہ مومنوں نے جنت خرید لی مجھ سے اپنی جانیں دے کر۔ فرمایا بلکہ میں نے مومنوں سے جانیں خریدیں
جنت دے کر دونوں باتوں میں بہت بڑا فرق ہے۔ بندہ پیسے دے کر جو کچھ لے رہا ہے۔ تو کیا ظاہر کر رہا ہے۔ کہ مجھے قیمتی
چیز لینے کا شوق ہے۔ اتنی حیثیت ان پیسوں کی نہیں۔ پیسے دور کر لینا منظور کر لیتا ہوں۔ مگر مال کو اپنے قریب
کرنا چاہتا ہوں۔ اللہ خالق کائنات نے کتنا اعزاز بخشا ہے مومن کی جان کو کہ مومن کی جان لے کر جنت
دیتا ہوں۔ فرمایا اگر جنت دے کر جان لیتا تو مومن کی جان قیمت ہوتی جنت کی۔ اللہ نے جنت کو قیمت بنایا ہے۔
مومن کی جان کو سودا بنایا ہے۔ تاکہ پتہ چل جائے کہ کائنات میں سب سے قیمتی جنت ہے۔ اور جنت سے قیمتی ہے
بندہ مومن کی جان ہے ـــــ ان اللہ اشتری من المؤمنین ـــــ میں نے جنت کو قیمت ظاہر
کیا ہے۔ جان کی ویلیو ظاہر کرنے کے لئے۔ یہ نہیں کہا کہ مومنوں نے مجھ سے جنت خریدی ہے۔ اپنی جانیں
پیش کر کے پھر پتہ ہی چلتا۔ کہ مومن کی جان قیمت بن گئی۔ اور جنت کا سودا ہو رہا ہے۔ جعفر علیہ السلام
نے فرمایا۔ ایک ذرہ برابر جنت پوری دنیا سے اچھی ہے۔ اس کی قیمت زیادہ ہے۔ مگر جنت اللہ نے
مومن کی جان کی قیمت بنا کے یہ ظاہر کر دیا۔ کہ جو میرے رستے میں جان دے دے۔ اسے یہ نہ کہنا کہ یہ ناکام
ہو گیا۔ اس نے سب سے بڑا قیمتی سودا کر لیا ہے۔ فرمایا خوش ہو جاؤ۔ جنہوں نے یہ سودا کر لیا
ہے۔ اتنا بڑا سودا قیمتی تو ہوتا ہی کسی کا نہیں۔ جتنا بندہ مومن نے اپنے خالق کے ساتھ کر لیا ہے
سے معنی اس آیت میں کتنی لطافتیں ہیں۔ خریدا جاتا ~~چیز کسی سے ہے~~ جو کسی چیز کو وہ ہے۔ جو اس
کا مالک نہ ہو۔ پھر کوئی بندہ اپنی چیز کو خرید ہی نہیں سکتا۔ خریدنے کے لئے یہ لازم ہے۔ یہ وہ چیز جو پہلے
اپنے ملک میں موجود نہ ہو۔ کسی اور کے ملک میں ہو۔ اور کسی کا ہو۔ پھر پیسے دے کر اس کو لیا جاتا ہے
اور اپنے ملک میں داخل کیا جاتا ہے۔ یہاں اللہ نے خریدنے کی نسبت کی اپنی طرف فرمایا اللہ خریدتا ہے
کس سے مومنوں سے کس کو اس کی جان کو۔ مومن کی جان تو پہلے ہی اللہ کے ملک میں ہے۔ اللہ نے کیوں
فرمایا کہ میں خرید رہا ہوں۔ خریدی تو وہ چیز جاتی ہے۔ جو اپنی نہ ہو۔ اس کی جان کا خالق اللہ ہی ہے کہ تو
پھر وہ خریدنا کیوں ہے۔ جو خریدار ہے کسی چیز کا۔ وہ اس کا محتاج ہوتا ہے، حاجت کے بغیر کون خریدتا ہے
اللہ ہر حاجت سے پاک ہے اس کے باوجود اپنی طرف خریدنے کی نسبت کر رہا ہے اور مومن کو یہ شان دی ہے
کہ مقابل میں بیچنے والا قرار دے دیا ہے۔ کہ تو سودا کر رہا ہے میرے ساتھ۔ مومن اپنی حیثیت تو دیکھ۔ میں نے
جب تجھے جان دی تھی۔ تو اس کی تو قیمت نہیں لی تھی۔ اگر آج مفت میں واپس لے لوں۔ تو پھر بھی
میرا کرم ہے کہ کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن سودا ہے تو سہی۔ جب میں نے دی تھی تو مفت دی تھی۔

اب اپنی معرفت دی چیز واپس لے رہا ہوں۔ تو معرفت میں نہیں جنت دے کے لے رہا ہوں۔ جنت کی چمک دے کے لے رہا ہوں۔ تاکہ کبھی ذہن میں نہ آئے۔ کہ میں اجڑ گیا، میں رسوا ہو گیا۔ نہیں نہیں۔ میں نے تجھے بندہ مومن پریشان دیکھا ہے۔ تجھے ایک فریق قرار دیا ہے۔ میں محتاج نہیں ہوں گا۔ تو میرا ایک میں ہے۔ مگر اس کے باوجود صرف مقصود ہے۔ تیری جان کی ویلیو کو ظاہر کرنا۔ کہ میں محتاج نہیں ہوں۔ مگر پھر بھی تیری جان سے پیار کرتا ہوں۔ میں محتاج نہیں ہوں گا۔ مگر تجھے میں جنت کا وارث بنانا چاہتا ہوں۔ تاکہ تجھے کوئی طعنہ نہ دے۔ کہ تو فالتو ضائع ہو گیا ہے، اور تیری جان ویسے چلی گئی ہے۔ فرمایا نہیں نہیں۔ اگر تو نے جان میرے رستے میں دی ہے۔ تو شکر ادا کرنا کہ تیرا سودا پکا ہو چکا ہے ____

اس واسطے یہاں پیاسا شہادت اس میں وہ تصور ہی نہیں ہے۔ جو لوگوں نے ماتم کا یہ جبری کا شکوہ شکایت کا بنا رکھا ہے۔ یہ ٹھیک ہے۔ کہ بندہ ایک مخلوق ہے۔ بندہ کہتا ہے کہ جو کچھ بھی ہو گی جھیلنے کے لئے تیار ہوں گا۔ مگر وہ خالق کہتا ہے۔ جب بندہ ہو کے اتنا تیار ہو کے آ گیا ہے۔ تو میں بھی اس کو کوئی درد نہیں ہونے دوں گا۔ رسول اکرم ﷺ فرماتے ہیں۔ شہید کو بوقت شہادت اتنا بھی درد نہیں ہوتا۔ جتنا تجھے چیونٹی کے کاٹنے پہ ہوتا ہے۔ اگرچہ ہزار تلوار لگ جائے پھر بھی اللہ اس کو درد نہیں ہونے دیتا۔ اس واسطے کہ اللہ خود درد کا بھی خالق ہے۔ اسے بھی وہی پیدا کرتا ہے۔ لہذا اس نے روک رکھا ہے۔ ایسی لذت شہید کو آ گئی ہے۔ جام تسکین نوش کر رہا ہے۔ اللہ کی دید میں مصروف ہے۔ اور جام شہادت پیتا جا رہا ہے ____

(C) حضور اکرم ﷺ حجۃ الوداع کے موقع پر چھری لے کے کھڑے ہو گئے۔ سب سے اونٹ لائن میں ہیں۔ جونہی چھری اونٹوں نے دیکھا۔ اونٹوں کی لائن ٹوٹ گئی۔ اونٹوں نے لائن توڑ دی۔ ہر اونٹ اپنی گردن آگے بڑھا رہا تھا۔ تاکہ محبوب ﷺ پہلے میرے پر چھری قربان فرمائیں۔ کیسا شوق ہے۔ کس انداز کا ذوق ہے۔ اونٹوں کو پتہ ہے۔ چھری چلے تو خون بہتا ہے۔ خون بہہ جائے تو جان نکلتی ہے۔ اسی وجہ سے ہی جانور جان کا وقت ہوتا ہے۔ جب قصاب چھری لے کے کھڑا ہوتا ہے۔ جانور بھاگتے ہیں۔ ان کو پتہ ہے۔ کہ چھری خطرناک ہے۔ تو یہاں جانوروں کی اس طبیعت پر وہ جانتے ہیں۔ کہ چھری سے خون نکلتا ہے۔ مگر ان کو پتہ ہے۔ کہ چھری چھری میں فرق ہے۔ چھری قصاب کی اور ہے۔ رسالت مآب کی اور ہے۔ اگرچہ چھری ایک ہے مگر ہاتھوں میں فرق ہے۔ قصاب کا ہاتھ اور ہو تو پھر جانور بھاگتے ہیں۔ رسالت مآب کے ہاتھ میں چھری ہو۔ ہاتھ کے قریب آتے ہیں۔ شہید کا بھی یہی مقام ہے۔ اتنی لذت ہے۔ کہ رب کے دیدار کے اندر

مست ہو چکا ہے۔ خالق کی ثنا کے جلووں میں مست ہے۔ اگر حضرت یوسف علیہ السلام کے دیدار میں۔
مصر کی عورتیں انگلیاں کاٹ لیں ان کو خبر نہ ہو۔ کہ حسن یوسف میں جاذبیت اتنی ہے۔ تو یوسف علیہ السلام
کے خالق کا حسن کتنا زیادہ حسین ہے۔ لہٰذا شہید۔ اپنی جان دے کر اس جمال میں مستغرق ہو کے سب
کچھ بھول جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس کو درد نہیں ہونے دیتا۔ یہ ٹھیک ہے جس مجرم نے تیر چلایا۔ جس
نے تلوار ماری وہ اپنی شقاوت اور بدبختی کی انتہا کو پہنچا ہے۔ مگر شہید ہونے والا یہ سمجھتا ہے۔ مجھے
اس واسطے یہ تیر لگا۔ کہ میں نے اللہ کا نام لیا۔ دین اسلام کا جھنڈا بلند کیا۔ وہ اسے اسلام
کی طرف سے سمجھتا ہے۔ لہٰذا اس کو شہادت میں اس انداز میں اپنے آپ کو پیش کر دیتا ہے۔ جس وقت
روح نکلتی ہے۔ پھر ایسا چین ملتا ہے۔ ایسا سکون ملتا ہے۔ دائمی حیات مل جاتی ہے۔

حضرت امام حسینؓ کا ہر لمحہ ایک پیغام تھا۔ آپ نے کربلا کو ہمیشہ ہمیشہ کا سفر بنا دیا۔ کربلا کو
عظمتوں کا آفتاب بنا دیا۔ اور کربلا کو استقامت شجاعت کا ایک مینارۂ نور بنا دیا۔ آخری رات امام
